اور جسوقت کہ پڑہی تو قرآن کر دیا ہمنی بیچ تیری اور درمیان اونکی کہ نہیں ایمان لاتی ساتھ آخرت کی پردہ پوشیدہ

وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ

اور کیا ہمنی اوپر دلونکی اونکی پردی اس سی کہ سمجھیں قرآن کو اور کانونمیں اونکی گرانی ہی اور جسوقت یاد کری تو پروردگار اپنی کو قرآن میں

وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ

اکیلا پھرتی ہیں اوپر پیٹہونکی اپنی نفرت کرتی ہوئی ہم خوب جانتی ہیں جس چیز کو سنتی ہیں ساتھ اوسکی جسوقت کان لگاتی ہیں طرف تیری

وَاِذْ هُمْ نَجْوٰۤى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ

اور جسوقت کہ وہ راز کہتی ہیں جسوقت کہتی ہیں ظالم نہیں پیروی کرتی تم مگر ایک مرد جادو کیا ہوا کی دیکھہ کسطرح

ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

واسطی تیری مثالیں بیان کیں پس گمراہ ہوئی پس نہیں سکتی ہیں راہ اور کہا کافروں نی کیا جسوقت ہونگی ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۝ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ

اوٹہائی جاوینگی پیدایش نئی کہہ ہو جاؤ تم پتھر یا لوہا یا مخلوق اور اوس چیز سی کہ بزرگ معلوم ہووی بیچ سینوں تمہاری کی

فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ

پس قریب ہی کہ کہیں گی کون پھیر لاویگا ہمکو کہہ جسنی پیدا کیا تمکو پہلی بار پس قریب ہی کہ ہلاویں گی طرف تیری سر اپنی

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ

اور کہیں گی کہ وہ کس وقت ہوگا کہہ شاید ہووی نزدیک جس دن کی کہ بلاویگا تمکو

ع فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

پس قبول کرو گی تم حالانکہ کہنی والی ہو حمد اوسکی اور گمان کرو گی تم کہ نہیں رہی تھی تم مگر تھوڑا سا

قولہ لکن لا تفقہون تسبیحہم روایت ہی علی ابن ابی طالب سی کہ ہم تھی ساتھ رسول خدا صلعم کی مکہ میں پس آئی کسی

سنگ اور درخت کی سامنی کہا اونی السلام علیک یا رسول اللہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

پدران بزرگوار سے نقل کی ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے منع کیا ہے نشان کرنا
روئے حیوانات کا اور مارنا انکے سونہہ پر اسواسطے کہ وہی حیوانات تسبیح پڑہتے ہین
ساتھ حمد رب اپنے کے اور بیچ تفسیر عیاشی مین ہے کہ سعد بن صدقہ نے حضرت
امام محمد باقر سے نقل کی ہے اور اونہون نے اپنے پدر بزرگوار سے کہ ایک شخص نزدیک
اونحضرت کے آیا اور کہا کہ فدا ہون ماں باپ میرے بدرستیکہ کتاب خدا مین یہ ہے
کہ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَہُوْنَ تَسْبِیْحَہُمْ فرمایا حضرت
نے اسی طرح سے ہے پس کہا اوس شخص نے کہ آیا درخت خشک تسبیح کرتا ہے حضرت
نے فرمایا نعم آیا نہین سنا تونے کہ لکڑیاں گہر کی کسطرح آواز کرتی ہین یہی ہین
اور یہی تسبیح پڑہنا اونکا ہے پس حقتعالیٰ منزہ ہے جمیع حالات مین اور بیچ کافی مین حضرت
صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ صدا شق ہونے دیوار کی تسبیح اوسکی ہے
قولہ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ منقول ہے کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ
شب کو کعبہ معظمہ مین پڑہتے تہے اور تلاوت قرآن کرتے تہے اور کفار قریش سنگ
پھینکتے حضرت پر کرتے تہے اور مقام ایذا اور آزار اونکی مین آتے تہے تو حقتعالیٰ نے
پردہ اونکی نظرون پر ڈالا کہ انہین نہ دیکھتے تہے اس سبب سے شر کفار کا اون
جناب سے دفع کیا قولہ اِذْ ہُمْ نَجْوٰی یہہ ظرف فعل مقدر ہے یعنی تقدیر کہ نَحْنُ
اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِہٖ اِذْ ہُمْ ذُوْ نَجْوٰی یعنی ہم داناتر ہین اوس چیز سے کہ سبب کفار سبب
انکے جبکہ استماع قرآن کرتے ہین اور اوسکو دلمین اپنے مخفی کرتے ہین اور کسی چیز کی
اظہار نہین کرتے جسوقت کہ اظہار کرتے تہے اور باہم راز بیان کرتے تہے اور صورت مین

کہتے تہے اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا یعنی نہین پیروی کرتے تم مگر جادو کیے گئے کی
اور محتمل ہے کہ اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ بدل ہو اِذْ ہُمْ نَجْوٰی سے یا یہ معنی کہ وہ نجوی اور
راز یہہ تہا کہ ظالمین کہتے تہے کہ تم پیروی نہین کرتے مگر محمد کی کہ جو جادو کیا گیا ہے
اور محتمل ہے کہ واذ یقول متعلق بفعل محذوف ہو یعنی تقدیر کہ اذکر یا محمد اِذْ
یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا یا بملاحظہ ان دو صورت مین
کلمہ اِنْ نافیہ ہے قولہ قُلْ کُوْنُوْا حِجَارَۃً اَوْ حَدِیْدًا اَوْ خَلْقًا یعنی کہہ تو
اے محمد ہو جاؤ تم سنگ یا آہن و مخلوق کہ بزرگ ہے بیچ سینون تمہارے کے اوس حالت
مین بہی موت دے سکتے اور زندہ کر سکتے ہین حاصل کلام یہہ ہے کہ عظام یعنی استخوان
اور رفات یعنی خاک کہاے ریزہ ریزہ قابلیت حیات کی رکہتے ہین اور حیات دینا
انکا سہل ہے اور اگر تم مثلا ایسے اشیا ہو کہ ہرگز قابلیت حیات کی نہ رکہتی ہو مانند سنگ
اور آہن کی اور بزرگتر مثل آسمان اور پہاڑ ہم قادر ہین اس بات پر کہ حیات اوسکو
دین علی ابن ابراہیم نے حضرت ابی جعفر محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ
خلق اکبر موت ہے اور کتب تفاسیر مین اس روایت کو ابن عباس سے نسبت
دی ہے اور حاصل معنی یہہ ہین کہ اگر تم عین موت ہو کہ وہ ضد
حیات ہے اگر چاہین ہم حیات کو عارض اونکا کر سکتے ہین اور یہہ
بر سبیل مبالغہ ہے جس طرح سے کہ کہتے ہین اگر نفس حیات
ہو تمکو ہلاک کرین گے ہم ورنہ فی الحقیقت حیات اور موت
ضدین اور محال ہے کہ ایک دو ضدون کا عارض ضد دوسری کا ہو واللہ اعلم

وَقُلْ لِّعِبَادِىْ يَقُوْلُوا الَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ

اور کہدے میرے واسطے بندوں کو کہ باتین کرین وہ کلمہ ایسا کہ وہ بہتر ہے بیشک

الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ

شیطان دشمنی ڈالتا ہے درمیان اونکے بیشک شیطان ہے

لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ

واسطے آدم کی دشمن ہی ظاہر پروردگار تمہارا زیادہ جاننے والا حال تمہارا اگر چاہے

يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ وَرَبُّكَ

بخشی تمکو اور اگر چاہی عذاب کری تمکو اور نہین بھیجا ہمنی تجھکو اوپر اونکی نگہبان اور پروردگار تیرا

اَعْلَمُ بِمَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ

واقف ہی ساتھہ اوس شخص کی کہ بیچ آسمانون کے اور زمین مین ہی اور بیشک زیادتی دی ہمنی بعضی پیغمبرونکو

عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ

اوپر بعض کی اور دیا ہمنی داؤد کو کتاب زبور کہدے پکارو ان لوگون کو کہ گمان کرتی تم سوا اوسکی

فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

پس نہین مالک ہوتی ہین دفع کرنی سختی کا تمسی اور بدل سکی وہ جنکو پکارتی ہین کفار ملائک ہین

يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ

طلب کرتی ہین جانب پروردگار اپنی وسیلہ کو کون اونمین سی نزدیک ہی اور امید رکھتی ہین بخشش اوسکی کی

وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

اور ڈرتی ہین عذاب اوسکی سی بیشک عذاب پروردگار تیرا لائق خوف کی ہی اور نہین کوئی قریہ سی

اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

مگر ہم ہلاک کرنیوالی ہین اوسکی قبل روز قیامت کی یا عذاب کرنیوالی ہین عذاب سخت

كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ وَمَا مَنَعَنَاۤ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّاۤ اَنْ

ہی یہ حکم کتاب مین مرقوم اور نہین منع کیا ہمکو کوئی امر بھیجنی معجزات سی مگر یہ کہ

كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً

تکذیب کیا ساتھہ اوسکی اگلون نی اور دیا ہمنی ثمود کو معجزہ شتر در حالیکہ ظاہر تھا

فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ

پس ستم کیا اونہون نی ساتھہ اوسکی اور نہین بھیجا ہمنی معجزات کو مگر واسطی ڈرانی کی اور جب ہمنی کہا تجھکو

اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِىْۤ اَرَيْنٰكَ

بیشک پروردگار تیرے نی احاطہ کیا ہی آدمیونکو اور نہین گردانا ہمنی خواب کو کہ دکھلایا تہا ہمنی تجھکو

اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِى الْقُرْاٰنِ ؕ

مگر آزمایش واسطی آدمیون کی اور درخت دور کیا گیا رحمت سی بیچ قرآن کی

وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۝

اور ڈراتی ہین ہم اونکو پس نہین زیادہ کرتا اونکو یہ ڈرانا اونکا مگر سرکشی بزرگ کو

قولہ قل لعبادی یقولوا التی ہی احسن مراد عبادی سی مومنین ہین اسواسطے کہ مومنین قابلیت اسکی رکھتی ہین کہ حقتعالی اونکو اپنی طرف نسبت دی واسطے بزرگی اور اختصاص کی اور اسیواسطی لفظ عبادی کی کہ اکثر آیات قرآن مین وارد ہی مخصوص مومنین ہی چنانچہ حق تعالی نی جابجا دیگر مین فرمایا ہی

فَبَشِّرْ عِبَادِيَ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ اور ایضاً فرماتا ہی شان حال فی
عبادی اور پہر جا بجا کہ مین فرماتا ہی عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللهِ پس ان
آیتون مین مراد بندگان مومن ہین قوله تعالى اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
تفسیر اسکی یہہ ہی کہ کفار ایسہ جانتی ہین کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ سی یتیم کو پیغمبری
دی کہ بظاہر کمال فقر و احتیاج مین ہی اور اصحاب اوسکی محتاج اور فقیر ہین
لہذا حق تعالی نی رد قول انکی مین فرمایا ہی کہ پروردگار تیرا دانا تر ہی بندگان
سی کہ جو آسمان اور زمین مین ہین قوله تعالى اُولٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ منقول
ہی کہ قریش ایکمدت قحط اور گرانی مین گرفتار ہوئی پس شکوہ نزدیک پیغمبر کی
لائی حقتعالی نی اس آیت کو بہیجا کہ کہہ تو ای محمد اون لوگون کو کہ وہ ذاکرین خدایان
باطلہ اپنی سی اور وہ خدایان باطلہ کہ جنکو خالق اپنا جانتی ہین مثل ملائکہ اور عزیر
اور عیسی کہ مشرکین اونکو معبود اپنا جانتی تہی ہرگاہ وقت سختی مین یہہ گروہ
یعنی ملائکہ و عزیر و عیسی علیہم السلام سی وسیلہ خدا بر حق سی ڈہونڈہتی ہین پس
چاہیے کہ بطریق اولی وہ گروہ کہ اونکو خدا جانتی ہین وی توجہ کو بدرگاہ خالق
حقیقی کی متوجہ کرین اور جبین عجز و احتیاج کو بخاک ذلت گہسین محصل سخن یہہ
ہی کہ حقتعالی اپنی پیغمبر کو فرماتا ہی کہ کہہ تو مشرکون کو کہ معبود تمہاری محتاج
بمعبود حقیقی ہین پس کون چیز دیگر ہی خدای برحق ہی قوله تعالى وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا
مفسرین نی تفسیر اس آیت مین معانی چند بہم پہنچائی ہین لیکن وہ معنی کہ احادیث
ائمہ ہدی علیہم السلام سی مستفاد ہوتی ہین ذکر اونکا کیا جاتا ہی محمد ابن مسعود عیاشی

رضی اللہ عنہ نی عبد الرحیم قصیری سی روایت کی ہی کہ امام محمد باقر علیہ السلام نی تفسیر
اس آیت مین اس طرح سی بیان کیا ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ کو
خواب مین دکہلایا کہ چند مردم بنی تیم سی اور بنی عدی سی منبرون پر آپکی اوپر
لوگون کو صراط مستقیم سی برگشتہ کرتی ہین اور رجعت قہقری عمل مین لاتی ہین صبح کو
کہتا ہی بعد اوسکی وہ حضرت سی تفسیر وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْاٰنِ سی پوچہا حضرت نی فرمایا
کہ وہ بنی امیہ ہین اور حدیث دوسری مین بطریق اور طرف سی مذکور ہی کہ مراد دونون سی ایک ہی
اور پہر تقدیر بنا بر اس حدیث شریف کی آیہ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي اَرَيْنٰكَ نازل حق
بنی تیم اور بنی عدی مین ہی اور آیہ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْاٰنِ حق بنی امیہ مین ہی اور
محصل کلام یہہ کہ رویت بنی تیم اور بنی عدی کو منبرون پر باعث امتحان خلق گردانا
ہمنی اور بنی امیہ کو بہی باعث آزمایش کا کیا ہمنی اور وجہ امتحان کی یہہ ہی کہ
بسبب ان لوگون کی فساد عالم مین بہت ظاہر ہوا اور ذریت اولاد سردار آدم
کا قتل ہونا ظہور مین آیا اور اکثر احادیث مین اس طرح سی مروی ہی کہ حضرت کو خواب مین
دکہلایا کہ بنی امیہ منبر حضرت پر چڑہتی ہین اور مانند میمون کی جست و خیز مین ہین
اور حضرت اس خواب سی غمگین ہوئی اوسوقت جبرئیل علیہ السلام اس آیت کو لائی اور
محصل کلام باین معنی راجع ہوتا ہی کہ وہ تسلط خیالی بنی امیہ کا کہ خواب مین دیکہا
حضرت نی تسلط خارجی ہی کہ بعد وفات جناب پیغمبر کی ظہور مین آیا اور شجرہ
ملعونہ بہی اشارہ ہی طرف اسکی یہہ امر سبب امتحان اور آزمایش انکا اور بعضی کا
کیا ہمنی اور ملعون ہونا بنی امیہ کا قران مین اس جہت سی ہی کہ ہرگاہ حقتعالی نی ظالمین کو

مراد آن من امت کی ہی اور یہ لوگ سرگروہ ظالمین مین ہین اس جہت سی آخر مین ملعون
ہوگئی اور ہونا یہ مثل یہ کا بجملہ انہین ظالمین کیا امتیاز ہے ساتھ اس آیت کی کہتا ہی اور
بہت سی اعمال کی روایت سی ہی کہ جناب سید الساجدین نی جد بزرگوار اپنی علی بن
ابی طالب علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ جسطرح سی کہ اول صحیفہ سجادیہ مین واقع ہے
اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ اَخَذَتْهُ نَعْسَةٌ وَهُوَ عَلٰی مِنْبَرِهٖ فَرَاٰی فِیْ مَنَامِهٖ
رِجَالًا یَنْزُوْنَ عَلٰی مِنْبَرِهٖ نَزْوَ الْقِرَدَةِ یَرُدُّوْنَ النَّاسَ عَلٰی اَعْقَابِهِمُ الْقَهْقَرٰی فَاسْتَوٰی
رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ جَالِسًا وَالْحُزْنُ یُعْرَفُ فِیْ وَجْهِهٖ فَاَتَاهُ جَبْرَئِیْلُ
عَلَیْهِ السَّلَامُ بِهٰذِهِ الْآیَةِ وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْیَا الَّتِیْ اَرَیْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ
فِی الْقُرْاٰنِ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا یَزِیْدُهُمْ اِلَّا طُغْیَانًا كَبِیْرًا یَعْنِیْ بَنِیْ اُمَیَّةَ قَالَ یَا جَبْرَئِیْلُ
اَعَلٰی عَهْدِیْ یَكُوْنُوْنَ وَفِیْ زَمَنِیْ قَالَ لَا وَلٰكِنْ تَدُوْرُ رَحَی الْاِسْلَامِ مِنْ مُهَاجَرِكَ
فَتَلْبَثُ بِذٰلِكَ عَشْرًا ثُمَّ تَدُوْرُ رَحَی الْاِسْلَامِ عَلٰی رَاْسِ خَمْسٍ وَّثَلٰثِیْنَ
مِنْ مُهَاجَرِكَ فَتَلْبَثُ بِذٰلِكَ خَمْسًا ثُمَّ لَا بُدَّ مِنْ رَحٰی ضَلَالَةٍ هِیَ قَائِمَةٌ عَلٰی قُطْبِهَا
یعنی مرتسکیہ لیا خواب نی دیدہ ظاہری حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی
اور اس خواب مین دیکہا کہ ایک جماعت مردمان مثل بیمون کی منبر اوس کی اوپر چڑہتی ہین
اور لوگونکو ایمان ودین سی واپس پہیرتی ہین پس آنحضرت صلوات اللہ علیہ
خواب سی بیدار ہوئی اس حالت مین آثار حزن وغم جبین مبین آنحضرت پر ظاہر تہی
اور اسی حال مین بیٹہی ہوئی تہی کہ ناگاہ جبرئیل نازل ہوئی اور اس آیت مذکورہ کو لائی
اور امام فرماتی ہین کہ اس سی بنی امیہ مراد ہین پس حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ

جبرئیل امین سی پوچہا کیا کہ یہ فتنہ اور آزمایش آیا میری زمانہ مین ہوگی یا بعد میری جبرئیل نی عرض
کی کہ آپ کی زمانہ مین نہوگی لیکن آسیای اسلام کہ ابتدای زمان ہجرت
تمہاری حرکت مین آویگی اور اسی منوال پر رہیگی دس برس کہ وہ ابتدای ہجرت حضرت
ہی مکہ سی اور انتہای وفات آنحضرت ہی بعد اسکی چکی اسلام سی معطل ہوگی اور دور
زمانہ خلافت ابوبکر اور عمر اور عثمان کہ تقریبا پچیس برس کی ہوتا ہی اور اوایل
پینتیس ۳۵ مین پہر چکی حرکت مین آویگی اور ظاہر ہی کہ وہ اوایل زمان خلافت شاہ ولایت
علی ابن ابیطالب ہی تا زمان ولایت امام حسن مجتبی علیہ السلام کی ہی اور بعد اسکی
چکی ضلالت وگمراہی حرکت مین آویگی اور اپنی قطب اور مدار پر دورا کریگی مراد قطب
سی بنی امیہ کی ہی انتہی ترجمہ مخفی نہ ہی کہ مضمون اس احادیث کا تفاسیر اہل سنت وجماعت
مین مرقوم ہی چنانچہ فخرالدین رازی نی اور قاضی ناصرالدین بیضاوی نی تفسیر اس آیت
مین نقل کی ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نی خواب مین دیکہا کہ بنی امیہ شکل بیمون منبر حضرت پر
چڑہتی ہین اوسوقت یہہ آیت نازل ہوئی حضرت نی تعبیر اسکی بہ تسلط بنی امیہ کیا اور مراد
شجرہ ملعونہ سی بہی بنی امیہ ہین اور فخر رازی نی لکہا ہی کہ ہرگاہ حضرت نی اس خواب
کو دیکہا خلوت ابوبکر اور عمر سی کی اور اس سر سی آگاہ کیا بعد اسکی حکم
ابن العاص سی سنا کہ ایسی خواب کو ایک شخص سی نقل کرتا ہی اس جہت سی حضرت
بہت آزردہ ہوئی کہ کسو سی اظہار کوئی نہ فاش کیا تہی اگرچہ فخر رازی نی بعد نقل اس
سخن کی اس طرح سی لکہا ہی کہ نسبت افشا کی طرف عمر کی تہمت ہی
لیکن حق یہہ ہی کہ نسبت بجانب عمر تہمت نہین ہی بلکہ فی الواقع یہہ حرکت

شفیع اوس سے گروہ منافقین کی استہزاء ہوئی چنانچہ درخت اوسکا خصوصاً کہ ہمیشہ
اشارہ اوسی ہوا تھا جیسا کہ تفصیل اسکی سورہ مبارکہ میں گذری

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ قَالَ

اور یاد کر جس وقت کہا ہمنے فرشتوں کو سجدہ کرو واسطے آدم کی پس سجدہ کیا سبھوں نے مگر ابلیس نے کہا

ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ۚ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ

کیا سجدہ کروں میں واسطے اوسکی کہ پیدا کیا تو نے خاک سے کہا دیکھا تو نے اس شخص کو کہ بزرگی دی تو نے اوپر میرے

لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۚ قَالَ

قسم ہے البتہ اگر مہلت دی تو مجھکو روز قیامت تک البتہ گمراہ کرونگا فرزندان آدم کو مگر تھوڑے ان میں کہا خدا نے

اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا

دور ہو پس ہر شخص کہ پیروی کریگا تیری ان میں سے پس تحقیق کہ جہنم جزا تمہاری ہے جزا پوری

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ

اور لغزش دے جس شخص کو چاہے تو فرزندان آدم سے ساتھ آواز تیری کی اور جمع کر اوپر اونکی سواران

وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ وَمَا يَعِدُهُمُ

اور پیادگان اپنی کو اور شریک ہو بیچ اونکی مالوں کی اور اولادوں کی اور وعدہ دے اونکو اور نہیں وعدہ دیتا

الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۚ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۚ وَكَفٰى

شیطان مگر فریب بدرستیکہ بندگان مخلص میرے نہیں ہیں واسطے تیرے اوپر اونکی غلبہ اور کافی ہے

بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۚ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا

رب تیرا از روی وکیل ہونے کی رب تمہارا وہ ہے کہ چلاتا ہے واسطے تمہارے کشتیوں کو بیچ دریا کی کہ طلب کرو تم فائدہ کو

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ

فضل اوسکے سے بدرستیکہ وہ ہے ساتھ تمہارے مہربان اور جس وقت کہ پہنچتی ہے تمکو سختی دریا میں گم ہو جاتے ہیں جنکو

تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا

بلاتے ہو تم اوسکو دریا میں مگر خاص واسطے اوسی کے پس جس وقت کہ نجات دی تمکو طرف خشکی کی پھر گئے تم اور ہے انسان کفر کرنیوالا

اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا

آیا بس نجات پائی تم اس بات سے کہ دھنسا دے تمکو ایک کنارہ زمین میں یا بھیجے اوپر تمہارے سنگریزوں کو

ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۝ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى

پس نہ پاؤگے تم واسطے اپنے نگہبان آیا امن میں ہو تم سے کہ پھیر لاوے تمکو بیچ اوسکی مرتبہ دیگر

فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ

پس بھیجے اوپر تمہارے توڑنے والی ہوا سے پس غرق کرے تمکو سبب اوس چیز کی کہ کفر کیا تمنے

لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۝ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ

پھر نہ پاؤگے تم واسطے اپنے اوپر ہمارے سبب اوسکی کے مطالبہ کرنیوالا اور البتہ تحقیق بزرگی دی ہمنے بنی آدم کو اور سوار کیا ہمنے اونکو

فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا

بیچ خشکی کی اور دریا کی اور روزی دی ہمنے اونکو چیزوں پاکیزہ سے اور بزرگی دی ہمنے اونکو اوپر بہت سے اس شخص کی کہ پیدا کیا ہمنے بزرگی دینا

قوله قال ارأيتك هذا الذي كرمت علي کاف ارأیتک بجہت تاکید اور خطاب کی
ہے کہ ارأیتک سے معلوم ہوتا ہے اور ہذا الذی مفعول اول ارأیت ہے اور مفعول ثانی اوسکا محذوف
ہے اس تقدیر پر اخبرنی هذا الذي كرمت علي لم كرمته یعنی کہا ابلیس نے خبر دے مجھکو کہ
یہ میری خبر دے مجھکو کہ یہ آدم کون ہے کہ کرامت و فضیلت دی تو نے اوسکو اوپر میرے اور کس واسطے ہے

بزرگی اوسکو عطا کی باوجود اسکی کہ وہ خاک کثیف سی پیدا ہوا اور مین آتش لطیف سی پیدا ہوا ہی
کہ پیدا ہوا اور الذی ہمراہ صلہ اپنی کی خبر اوسکی ہو سائنہ حذف حرف استفہام کی یعنی
تقدیر کہ أخبرنی أهذا الذی کرمت علیّ یعنی ابلیس بطریق حقارت کی کہتا ہی کہ خبر دی مجھکو
یہ شخص کون ہی کہ فضیلت دی ہی تو نی اوسکو اوپر میرے اور حذف حرف استفہام کا اس سبب سے
ہی کہ ہمزہ ارأیتک کفایت کرتا ہی ہمزہ ایذا الذی سی قولہ تعالی وَشَارِكْهُمْ فِي
الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ کتاب مناقب ابن شہر آشوب مین مرقوم ہی کہ سفیان ثوری
نی واصل سی روایت کی ہی اور اوسنی ابن عباس سی درباب اس آیت کی
وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ بیٹھی تہی ایکروز حسن بن علی علیہما السلام
اور یزید بن معاویہ بن ابی سفیان لعنت اللہ علیہم درحالیکہ کہاتی تہی رطب کو
پس کہنی لگا امام حسن علیہ السلام سی کہا کہ مدت ہی کہ عداوت اور بغض ترا ہماری
دل مین ہی امام نی فرمایا کہ یا یزید اعلم ان ابلیس شارک اباک فی جماعه
فاختلط الماءان فاورثک ذلک عداوتی لان الله تعالی یقول وشارکهم فی
الاموال والاولاد وشارک الشیطان حربا عند جماعه فولد له صخر
ولذلک کان یبغض جدی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم
یعنی ای یزید شیطان ساتہ تیری باپ معاویہ کی وقت جماع کی شریک ہوا اور تو اب منی معاویہ
اور شیطان سی مل کی بہم پہنچا بنابر اسکی عداوت ہماری تجہی پہنچی سو الٰہی کہ
حق سبحانہ وتعالی فرماتا ہی کہ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ اور شریک ہوا
شیطان ساتہ حرب کی کہ جو جد ابی سفیان ہی وقت جماع مین اور اوس سی ابی سفیان

بہم پہنچا اور بواسطہ اسی شراکت کی ابوسفیان جد ہماری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سی عداوت
رکہتا تہا اور حدیث مین وارد ہی کہ شیطان نطفہ آدمی کی مشتاہی جس طرح سی کہ زن و مرد کی
ہوتا ہی اور مباشرت مین شریک ہوتا ہی اگر بسم اللہ نکہی اور علامت اسکی بغض اور عداوت
اہلبیت ہی محمد بن مسعود عیاشی نی زرارہ سی روایت کی ہی کہ یوسف پدر حجاج کہ دوستان
سید الساجدین علیہ السلام سی تہا چاہا کہ ہمراہ زن اپنی کی نزدیکی کری اوس زن نی
ممانعت کی اور کہا کہ قبل اسکی بہ یک زمان تو نی مباشرت کی ہی اور وہ شیطان
تہا کہ بصورت یوسف بنکر آیا تہا اور مباشرت کی تہی بنابر اسکی خدمت حضرت
زین العابدین مین عرض کی وسنی اور اسی مقدمہ سی مطلع کیا حضرت نی نزدیکی اوس
عورت سی منع کیا تا وقتیکہ فرزند متولد ہووے جب پیدا ہوا نام اوسکا حجاج رکہا اور
دشمنی حجاج کی سادات اور محبین اہلبیت سی اظہر من الشمس و ابین من الامس ہی اور علی
بن ابراہیم نی روایت کی ہی کہ جو شخص کہ مال حرام سی کنیز مول لی اور اوس سی فرزند متولد
ہو وہ شراکت شیطان سی ہی اور من لا یحضرہ الفقیہ مین حضرت صادق علیہ السلام
سی مروی ہی کہ جملہ شرک شیطان کے وہ شخص ہی کہ برادر مومن اپنی کی غیبت کری بدون
اسکی کہ درمیان ان دونو کی کینہ یا دشمنی ہوا اور اس باب مین بہت سی احادیث وارد
ہوئی ہین بنابر طول کی مذکور نہوئین قولہ تعالی إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ
محمد بن مسعود عیاشی نی روایت کی ہی کہ یہ آیہ حق علی بن ابی طالب علیہ السلام مین نازل ہوا
قولہ تعالی فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ کتاب توحید مین مروی ہی کہ ایک شخص خدمت حضرت
صادق علیہ السلام مین آیا اور عرض کی کہ یا ابن رسول اللہ مجہ بتا ہو مین کہ معرفت

ته اسی تھا سا کبھی کی اہل صحبل حیران ہو وہ اکثر زبان پر لاتی ہیں اور ورطہ حیرت میں مجھی کی
مین حضرت نے فرمایا کہ کبھی کشتی مین بیٹھکر سفر دریا کیا ہی تو نے اوس شخص نے کہا کہ ہان
حضرت نے فرمایا کہ آیا کبھی کشتی تیری شکستہ ہوئی ہی اور بظاہر راہ نجات کسی جہت سے مشکل
شناوری کی نہ رکھتا ہو کہا اوسنے ہان ہی حضرت نے فرمایا آیا دل تیرے مین خطور کیا تھا کہ
عالم مین کوئی شخص ایسا ہی کہ قادر تیری نجات پر ہو کہا اوسنے ہان ہی حضرت نے فرمایا کہ
وہی شخص کہ قادر نجات دینے پر ہی وہی خدا ہی حق ہی اور فخر الدین رازی نے کتاب مطالب
عالیہ مین لایا ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام نے ایک زندیق کو کہ منکر خالق تھا اس
کلام سے ملزم کیا اور راہ حق و سلوک حاصل ہوئی قوله تعالی فضلناهم علی کثیر الخ
تفضیل بنی آدم کی سایر مخلوقات سے بچند وجوہ محتمل ہی ایک یہہ ہی کہ طرق و آداب
طعام تناول کرنیکی ایسی ہین کہ اور حیوانات کی واسطے متصور نہین ہی چنانچہ کتاب
امالی مین حضرت صادق علیہ السلام سے مروی ہی کہ کوئی حرکت کنندہ حیوانات
چارپائی وغیرہ سے اور کوئی پرندہ ایسا نہین ہی کہ ہاتھہ اپنے سے تناول کرے مگر بنی آدم
کہ وہ اپنے ہاتھہ سے کھاتا ہی اور دوسری وجہ فضیلت کی یہہ ہی کہ درست بنی آدم کی
ہیئت پیدا کیا ہی چنانچہ حضرت امام باقر علیہ السلام سے اسباب مین روایت وارد ہی
اور تیسری وجہ فضیلت کی یہہ ہی کہ جمیع مخلوقات سے فضیلت دی ہی بنی آدم کو چنانچہ حضرت رسالت پناہ
صلی اللہ علیہ وآلہ سے روایت ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کہ ان الملائکة لخدامنا وخدام محبینا
بدرستیکہ ملائکہ خادم ہمارے ہین اور خادم محبین ہمارے کی پس اس سے معلوم ہوتا ہی کہ بنی آدم افضل ہین ملائکہ سے اور چنانچہ
امر کرنا ملائکہ کا واسطے سجدہ آدم کی اسی سے معلوم ہوتا ہی کہ بنی آدم افضل ہین ملائکہ سے اور ملائکہ بہتر ہین سب مخلوقات سے

يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ فَمَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ
اور یاد کرو اسی دن کو کہ بلاوینگے ہم ہر قوم کو ساتھہ امام اونکی کی پس جس شخص کو دیا جاویگا نامہ عمل اوسکا بیچ دہنی ہاتھ اوسکی کے
فَأُولَئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا
پس یہہ گروہ پڑہتی ہین نامہ اعمال اپنے کو اور نہ ظلم کیے جاوینگے بقدر پوست تاگے خرما کے
وَمَنْ كَانَ فِي هَذِهِ أَعْمَى فَهُوَ فِي الْآخِرَةِ أَعْمَى وَأَضَلُّ
اور جو شخص کہ ہو بیچ اس دنیا کے نابینا پس وہ بیچ آخرت کی اندھا ہی اور گمراہ زیادہ ہی
سَبِيلًا ۝ وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا
راہ دنیا سے اور تحقیق کہ قریب ہین وہ کہ فتنہ مین ڈالین تجھکو اون احکام سے کہ وحی کی ہمنے
إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ وَإِذًا لَاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ۝
طرف تیری تاکہ افترا کرے تو اوپر ہمارے غیر اوسکے اور اس ہنگام مین البتہ پکڑینگے تجھے دوست اپنا
وَلَوْلَا أَنْ ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدْتَ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ۝
اور اگر ثابت کرتے ہم تجھکو ہر آینہ تحقیق کہ نزدیک تھا تو کہ میل کرے تو طرف اونکی بہت کم
إِذًا لَأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ
اور اوسوقت مین ہر آینہ چکھاوینگے ہم تجکو عذاب دوچند حیات دنیا کا اور دوچند عذاب آخرت کا
ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ۝ وَإِنْ كَادُوا لَيَسْتَفِزُّونَكَ
بعد اسکے نپاویگا تو واسطے اپنے اوپر ہمارے مددگار اور تحقیق قریب ہی کہ کفار تجھکو اس سرزمین سے
مِنَ الْأَرْضِ لِيُخْرِجُوكَ مِنْهَا وَإِذًا لَا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا ۝
زمین مکہ سے کہ نکالین تجھکو اوس مین سے اور اوسوقت نٹھہرینگے وہ بعد تیرے مگر زمانہ تھوڑے

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا

سنت طریقہ کی اسی شخص کی سنت ... تحقیق بھیجا ہم نے قبل تیرے پیغمبران اپنے ... اور نہ پاویگا تو واسطے سنت ہماری کے تبدیل

قوله تعالی یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ط علی بن ابراہیم رحمہ اللہ نے روایت

کی ہی کہ روز قیامت کو منادی ندا کریگا ہر آئینہ اوٹہین کی ابوبکر اور گروہ اوسکی اور

عمر اور گروہ اوسکی اور عثمان اور گروہ اوسکی اور علی علیہ السلام اور گروہ اونکی چنانچہ

ایک بیت خوب منقول ہی **بیت** حشر غلامان عمر با عمر حشر غلامان علی با علی

اصول کافی مین حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ جب یہہ آیہ یوم

ندعو نازل ہوئی تب مسلمانون نی کہا کہ ای رسول خدا آیا تو نہین ہی امام تمام آدمیونکا

حضرت نی فرمایا مین رسول ہون طرف سب آدمیون کی قیامت تک ولیکن ہونگی

بعد میری امام اوپر آدمیونکی خدا کی طرف سی اہل بیت میری سی کہڑی ہونگی وہ درمیان

آدمیونکی امامت کی کام پر پس اونکو جہوٹا جانینگی اور ستم اونپر کرینگی پیشوایان

کفر اور گمراہی کی اور تابعدار اونکی پس جو کوئی امام جانی اماماں اہلبیت مجکو

اور تابع اونکی ہووے پس وہ شخص مجسی ہی ملاقات کریگا مجسی وہ شخص بہشت مین پس

آگاہ ہو کہ جو شخص اونپر ستم کری اور حق اونکا غصب کری اور اونکو جہوٹا جانی

پس وہ مجسی نہین ہی اور اوسی بیزار ہون مین قوله تعالی فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ

سَبِيْلًا کتاب توحید مین حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ جس

شخص کو رہنمائی کری خلقت آسمانون کی اور زمین کی اور اختلاف رات اور دنکا

اور گردش افلاک کی اور حرکت آفتاب اور مہتاب کی اور تمام چیزونکی صنعت پس وہ

اندہا ہی عقبی مین گمراہ تر ہی کتاب خصال مین امیر المومنین علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ

بدترین اور سخت ترین نابینائی ہی چشم پوشی کرنا محبت اور فضیلت ہماری سی اور

قرار دینا اپنی دلو مین دشمنی اور عداوت ہماری بلا سبب الگی کوئی گناہ ہمسی واقع

ہوا ہو مگر یہہ کہ ہم طلب کرتی ہین اونکو طرف حق کی اور جو غیر ہماری ہین وہ چاہتی ہین

اونکو بیچ فساد کی آئین قوله تعالی لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا عیاشی مین لکہا ہی کہ تفسیر

لا تجد لک علینا نصیرا کی اسطرحسی ہی کہ نپاوی تو واسطی اپنی مثل علی کی ولی اور مددگار

تکملہ ز بروبینات رکوع ہفتم قوله تعالی اِلَّا اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ بعد وہ حرف ہین جو راویکی

اتہمسی مشتبہ ہوتی ہین نکلی وہی یہہ عبارت ہو امیر المومنین علی سید الوصیین جا

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ

برپا کرکہہ تو ای محمد نماز کو بوقت زوال آفتاب تا شدت تاریکی شب کی اور برپا کر قرآن فجر کو

اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ

ہر آئینہ نماز صبح ہی ظاہر اور بعضی شب سی پس بیدار ہو ساتھ وسی نماز کی ...

عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ

قریب ہی یہہ کہ مبعوث کری تجکو پروردگار تیرا جائی پسندیدہ ... اور کہہ ای پروردگار میری داخل کر مجکو ...

صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

... اور نکال مجکو نکالنا نیک اور گردان واسطی میری نزدیک اپنی سی عزت اور ...

نَّصِيْرًا ۝ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ

اور کہہ تو ای محمد کہ آیا دین اسلام اور نابود ہوا کفر ہر آئینہ باطل

نوٹ

كَانَ زَهُوقًا ۞ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ

نا چیز ہونیوالا ہی اور نازل کرتی ہین ہم قرآن سی وہ چیز کہ وہی شفا ہی اور رحمت ہے

لِلْمُؤْمِنِينَ ۙ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا ۞ وَإِذَا أَنْعَمْنَا

واسطی مومنین کی اور نہین زیادہ کرتا ہی ظالمون کو مگر نقصان اور جسوقت کہ نعمت دیتی ہین

عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ ۖ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوسًا ۞

اور آدمی کی مونہہ پھیر لیتا ہی اور پھیر لیتا ہی نفس اپنی کو اور جسوقت کہ پہونچتی ہی اوسکو برائی تو ہو جاتا ہی ناامید

قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدَىٰ سَبِيلًا ۞ ع

کہہ اے محمد کہ ہر شخص عمل کرتا ہی اوپر موافق حال اپنی کی پس پروردگار تمہارا دانا تر ہی ساتہہ اوس شخص کی کہ وہی ہدایت یافتہ

قولہ تعالی لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَىٰ غَسَقِ اللَّيْلِ تفسیر عیاشی مین روایت کی ہی امام جعفر
علیہ السلام سی کہ مراد دلوک شمس سی زوال ہوسکتا ہی اور غسق لیل سی نصف
لیل ہی یہہ چار نمازین ہین کہ معین کی ہین رسول صلی اللہ علیہ وآلہ نی اور معین کیا ہی
پیغمبر نی وقت انکی کو زوال سی تا نصف شب اور حضرت نی فرمایا ہی بدرستیکہ
منادی ندا کرتا ہی آسمان سی ہر شب بوقت نصف شب کہ جو شخص خوابیدہ اور
غافل ہو نماز عشا سی اوسوقت تک پس خواب نکرین آنکھین اوسکی اور در حقیقت
یہہ نفرین ہی اوس جماعت پر کہ نماز عشا کو تا نصف شب تاخیر کرتی ہین قولہ تعالی
وَقُرْآنَ الْفَجْرِ فجر لغت مین بمعنی شگافتن ہی اور صبح صادق کو بھی فجر کہتی ہین
اسواسطی کہ ساتہہ اوسکی شب شگافتہ ہوتی ہی اور اضافت نماز کی فجر اشارہ ہی اس
امر پر کہ اول وقت اوسکا فجر ہی اور بدرستیکہ نماز صبح حاضر کی گئی ہی یعنی ملائکہ شب و روز

بوقت نماز صبح حاضر ہوتی ہین اور دونو فریق صحیفہ اعمال نماز گزارندہ مین لکھتی ہین اور نماز گز
پس اس آیہ مین تنبیہ ہی اوپر فضیلت نماز صبح پر پس سزاوار ہی کہ نماز صبح کو ایسی وقت
ادا کیا چاہیی کہ ہنوز تاریکی شب باقی رہی اور ملائکہ شب آسمان پر گئی ہون تاکہ نماز صبح
دیوان ملائکہ شب اور دیوان ملائکہ روز مین ثبت ہو قولہ تعالی وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ
یعنی واسطی ادا کرنی نماز کی بعضی شب سی پس بیدار ہو تو اور ضمیر بہ کی راجع بطرف قرآن الفجر کی
اور ہو سکتا ہی کہ یہہ ضمیر راجع بمن اللیل ہو اور کلمہ با معنی فی ہی یعنی بیچ بعضی شب کی
نماز تہجد کو ادا کر قولہ تعالی نَافِلَةً لَكَ سی لفظ نافلہ کی ارادہ کی ہین یعنی یہہ نماز ہای پنجگانہ سی
زیادہ ہی اور وجوب اسکا تہجد سی معلوم ہوتا ہی اسواسطی کہ صیغہ امر جہان کہین کہ
وارد ہی وجوب کی واسطی ہی پس بنا بر اسکی وجوب نماز تہجد واسطی پیغمبر صلی اللہ
علیہ وآلہ کی واجب ہی قولہ تعالی عَسَىٰ أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا اور مراد مقام محمود
سی شفاعت ہی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی واسطی مومنین کی چنانچہ کتاب روضۃ
الواعظین مین مروی ہی کہ جناب نبوی نی فرمایا کہ مقام محمود وہ مقام ہی کہ شفاعت
کرونگا مین بیچ اوسکی واسطی امت اپنی کی قولہ تعالی رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ علی بن
ابراہیم نی تفسیر اپنی مین لکھا ہی کہ یہہ آیت نازل ہوئی روز فتح مکہ کی جسوقت ارادہ
کیا تھا جناب نبوی نی دخول مکہ کا نازل کیا حق تعالی نی کہہ تو اے محمد رب میری
ادخلنا مدخل صدق قولہ تعالی نَأَىٰ بِجَانِبِهِ مراد جانب سی سمت اپنی ہی اور مراد اوس
نفس ہی یعنی دور کیا نفس اپنی کو شکرگزاری مین اور حکم بالکلیہ بہول گئی قولہ تعالی وَنُنَزِّلُ
مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ یعنی نازل کیا ہمنی وہ چیز کو کہ شفا ہی اور رحمت ہی وہ

قرآن ہی وہ واسطی مومنین کی کہ واسطی کہ رحمت ہے اون ہی باعث شفا باطن امراض شرک اور نفاق کا

ہی اور نجات ظاہر علتوں اور دردونکا ہی کتاب طب الائمہ مین حضرت صادق علیہ

السلام سی روایت کی ہی کہ جس شخص کو قرآن شفا نہ بخشی نہین ہی شفا خدا کی واسطی اسکی

قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِ کافی مین حضرت صادق علیہ السلام سی روایت ہی کہ مراد

علی شاکلتہ سی علی نیتہ ہی یعنی ہر شخص عمل مطابق نیت اپنی کی کرتا ہی اور فائدہ نیت اپنی

سی پاتا ہی اور کتاب من لا یحضرہ الفقیہ مین روایت کی ہی کہ ایک شخص نی جناب

صادق علیہ السلام سی سوال کیا کہ بیع اور کنائس مین یعنی معابد یہود و نصاری مین [illegible]

ہی حضرت نی فرمایا درست ہی پس اوس شخص نی کہا کہ اگرچہ یہود و نصاری بہی حاضر ہوں

اوس مکان مین [illegible] ہی حضرت نی فرمایا آری آیا تو نی آیہ قل کل یعمل علی شاکلتہ کو نہین

پڑہا ہی پس نماز گزار [illegible] تکملہ [illegible] ختم الظالمین [illegible] مین

اوسکی [illegible] اوسکی [illegible]

بہتر ہوتی ہین [illegible] عبارت ظالمین آل محمد الا خسارا امرہم

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ

سوال کرتی ہین [illegible] روح [illegible]

مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا ○ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِي أَوْحَيْنَا

علم سی مگر تہوڑا اور قسم ہی اگر چاہیں ہم [illegible]

إِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهِ عَلَيْنَا وَكِيلًا ○ إِلَّا رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ

طرف تیری بعد اسکی [illegible] قرآن کی [illegible] رب اپنی سی

إِنَّ فَضْلَهُ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ○ قُلْ لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنْسُ

بیشک فضل اوسکا ہی اوپر تیری بہت کہہ تو اے محمد ہر آینہ اگر جمع ہوں آدمی

وَالْجِنُّ عَلَىٰ أَنْ يَأْتُوا بِمِثْلِ هَٰذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ

اور جن اوپر اسکی کہ لاوین مانند اس قرآن کی نہ لا سکین گی مثل اوسکی

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا ○ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ

اور اگرچہ ہو بعض اونکا واسطی بعضی کی مددگار اور ہر آینہ تحقیق [illegible] واسطی آدمیوں کی

فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ○

بیچ اس قرآن کی ہر مثل سی پس انکار کیا اکثر لوگوں نی مگر انکار حق کا

وَقَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنْبُوعًا ○

اور کہا قریش نی کہ نہ ایمان لاوینگی ہم واسطی تیری یہانتک کہ رواں کری تو واسطی ہماری زمین سی چشمہ

أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا

یا ہو واسطی تیری باغ درخت خرما سی اور انگور سی پس رواں کری تو نہروں کو درمیان اوسکی

تَفْجِيرًا ○ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ

بہت [illegible] یا گرا دی آسمان کو جسطرح سی کہ گمان کیا تہا تو نی اوپر ہماری پارہ پارہ یا لاوی تو

بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ○ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ

ساتھ اللہ کی اور ملائکہ کی روبرو ہماری یا ہووی واسطی تیری گہر

مِنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ وَلَنْ نُؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا

سونی سی یا عروج کری تو بیچ آسمان کی اور نہ ایمان لاوینگی ہم واسطی عروج تیری کی یہانتک کہ اوتاری تو اوپر ہماری

كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝

فرشتہ کو کہ پڑہین ہم اوسکو کہہ تو ای محمد پاک ہی پروردگار میرا آیا نہیں ہوں مگر ایک بشر ایسا کہ موصوف ہوں بہ پیغمبری

قولہ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ اختلاف واقع ہی اس امر مین کہ روح کیا چیز ہی

بعضون نی کہا ہی مراد نفس ناطقہ ہی کہ تدبیر بدنون کی موقوف اسپر ہی اصل

یہہ ہی کہ روح مخلوق حق تعالی ہی کہ واسطی اوسکی بینائی اور قوت اور تائید ہی

کہ گروانا ہی اوسکو واسطی مومنین مین اور انبیا مین قولہ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

کلمہ الا استثنائی متصل ہی کہ معنی اسکی یہہ ہین کہ نپاویگا تو واسطی اپنی بعد لیجانی قرآن

کی کوئی وکیل مگر رحمت پروردگار اپنی کو اور حاصل کلام یہہ ہی کہ اگر چاہین ہم لیجانا

قرآن کو مگر رحمت پروردگار تیری کی باعث نہ لیجانی اوسی قرآن کی ہوئی قولہ

وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا علی بن ابراہیم نی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت

کی ہی کہ قبیلا معنی کثیر ہی اس صورت مین ملائکہ حال ہونگا یعنی لاوی حق تعالی فرشتونکو

درحالیکہ وہ فرشتی بہت ہون اور کہین کہ تو پیغمبر خدا کا ہی قولہ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا

لفظ رسول صفت بشر کی ہی اور ممکن ہی کہ بشرا حال ہو کہ مقدم رسولا

سی ہو باین معنی کہ نہین ہون مگر رسول درحالیکہ بشر ہون مین اور بھیجی واسطی

احکام شرع کی بہجا ہی اور جو کچہہ تم طلب کرتی ہو مقدور میری سی

باہر ہی بلکہ وہ مقدورات الہی سی ہی اور موافق حکمت اور مصلحت کی عمل مین آتا ہی

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ

اور نہین منع کیا لوگون کو یہہ کہ ایمان لاوین جس وقت کہ آئی اونکو ہدایت مگر یہہ کہ

ع

قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ

کہا اونہون نی آیا برانگیخت کیا اللہ نی بشر کو برسالت کہہ تو اگر ہوتی بیچ زمین کے

مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ

فرشتی جیسی کہ چلتی درحالیکہ اطمینان کئی گئی ہین ہر آینہ بھیجتی ہین ہم اوپر اونکے آسمان سی

مَلَكًا رَّسُوْلًا ۝ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

فرشتہ کو رسول کہہ تو کہ بس ہی اللہ درحالیکہ گواہ ہی درمیان ہماری اور درمیان تمہاری بدرستیکہ خدا

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ

ساتھ بندگان اپنی کی دانا اور بینا اور جس شخص کو کہ ہدایت کی اللہ نی پس وہ راہ یافتہ ہی اور جس شخص کو کہ

يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

گمراہ کری پس نپاویگا تو واسطی اونکی دوستونکو ورای خدا کی اور جمع کرینگی ہم اونکو روز قیامت مین

عَلٰي وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

درحالیکہ کہینچی جاوینگی اوپر منہ اپنی کی درحالیکہ اندہی اور بہری اور گونگی ہونگی اور جگہہ اونکی دوزخ ہی

كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ

جب کہ ساکن ہو جاویگی آگ زیادہ کرینگی واسطی اونکی اوروں شعلہ آگ کی یہہ ہی بدلا اونکا کہ بسببیکہ

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ

انکار کیا اونہون نی معجزات ہماری سی اور کہا اونہون نی کہ آیا جس وقت کہ ہونگی ہم استخوان اور ریزہ ریزہ آیا ہم البتہ اوٹہائی جاوینگی

خَلْقًا جَدِيْدًا ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

خلقت تازہ آیا نہین دیکہتی وہ بدرستیکہ اللہ ایسا ہی کہ پیدا کیا ہی آسمانون اور زمین کو

قادر علی ان یخلق مثلهم وجعل لهم اجلا لا ریب فیه

قادر ہی اوپر اس بات کی کہ پیدا کری مثل ان کی اور گردانی ہی واسطی ان کی مدت کہ نہیں شک بیچ اس کے

فابی الظلمون الا کفورا ○ قل لو انتم تملکون خزائن رحمة

پس انکار کیا ظالموں نی مگر ناشکری کو کہہ اگر تم مالک ہو خزانہ ای رحمت

ربی اذا لامسکتم خشیة الانفاق وکان الانسان قتورا ○

پروردگار اپنی کی اسوقت بہر آینہ بخل کرو گی تم ڈر سی خرچ ہونی کی اور ہی آدمی بخیل

قل لو کان فی الارض ملئکة تا آل کلام یہ ہی کہ اگر زمین میں بود و باش ع

ملائکہ کی مثل بنی آدم کی ہوتی تو البتہ بنابر جنسی کی فرشتی کو رسول کرتی پس حکمت مقتضی

اس بات پر ہی کہ بنی آدم سی واسطی انسان کی مبعوث کری اور ہر گاہ کہ کفار نی

کہا کہ شاہد صحت نبوت تمہاری پر کیا ہی یہ آیہ آیا قل کفی باللہ شهیدا

ولقد اتینا موسی تسع ایات بینات فسئل بنی اسرائیل

اور ہر آینہ تحقیق دی ہمنی موسی کو نو معجزہ ظاہر پس طلب کر ای موسی بنی اسرائیل کو فرعون سی

اذ جاءهم فقال له فرعون انی لاظنک یموسی مسحورا ○

جسوقت کہ آئی موسی نزدیک ان کی پس کہا واسطی اسکی فرعون نی [illegible]

قال لقد علمت ما انزل هؤلاء الا رب السموت والارض

کہا موسی نی ہر آینہ تحقیق جانا تونی نہیں نازل کیا ان معجزات کو مگر پروردگار آسمانوں نی اور زمین نی

بصائر وانی لاظنک یفرعون مثبورا ○ فاراد ان

درحالیکہ وہ معجزی دلائل ہیں اور بدرستیکہ گمان کرتا ہوں میں ای فرعون ہلاک [illegible] پس ارادہ کیا فرعون نی کہ

یستفزهم من الارض فاغرقناه ومن معه جمیعا ○ وقلنا

دور کری موسی اور قوم اسکی کو زمین مصر سی پس ڈوبا دیا ہمنی فرعون کو اور ان کو جو ساتھ اسکی تھی سب کو اور کہا ہمنی

من بعده لبنی اسرائیل اسکنوا الارض فاذا جاء

بعد غرق کرنی اسکی واسطی بنی اسرائیل کی کہ رہو تم زمین میں پس جس وقت کہ آویگا

وعد الاخرة جئنا بکم لفیفا ○ وبالحق انزلناه وبالحق نزل

وعدہ قیامت اور قیامت قائم ہوگی لاوینگی ہم تمکو ہر جانب سی [illegible]

وما ارسلنک الا مبشرا ونذیرا ○ وقرانا فرقنه لتقراه

اور نہیں بھیجا ہمنی تجکو ای محمد مگر بشارت دینے والا اور ڈرانے والا اور نازل کیا ہمنی قرآن کو [illegible] پڑھی تو اسکو

علی الناس علی مکث ونزلنه تنزیلا ○ قل امنوا به

اوپر لوگوں کی ساتھ ٹھہرنی کی اور نازل کیا ہمنی [illegible]

او لا تؤمنوا ان الذین اوتوا العلم من قبله اذا یتلی علیهم

یا نہ ایمان لاؤ تم بدرستیکہ وہ لوگ کہ دیا گیا ہی انکو علم پہلے اس سی قرآن سی جسوقت تلاوت کیا جاوی [illegible] اوپر انکی

یخرون للاذقان سجدا ویقولون سبحان ربنا ان کان

گرتی ہیں [illegible] اور کہتی ہیں [illegible] پاک ہی رب ہمارا [illegible]

وعد ربنا لمفعولا ○ ویخرون للاذقان یبکون ویزیدهم

وعدہ رب ہمارے کا [illegible] واقع ہونیوالا ہی [illegible]

خشوعا ○ قل ادعوا الله او ادعوا الرحمن ایا ما تدعوا

[illegible] کہو تم بلفظ اللہ کی یا کہو تم بلفظ رحمن جسکو [illegible]

فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا

پس واسطی اوسکی نامہای نیک ہین ونہ بلند کر قرات کو سب نمازون مین اور نہ آہستہ پڑھ سب نمازون مین

وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ

اور طلب کر درمیان انکی راہ وسط کو اور کہہ تو اسی محمد کہ جمیع شکر ہی واسطی خدا کی ایسا خدا کہ نہین لیا ہی

وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُن لَّهُ وَلِيٌّ

فرزند کو اور نہین ہی واسطی اوسکی شریک بیچ بادشاہی کی اور نہین ہی واسطی اوسکی کام مقام

مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۝ ع

از جہت عجز کی اور بزرگی کر اوسکو جو بزرگی کا ہی

قولہ لَقَدْ عَلِمْتَ الخ مجمع البیان مین لکھا ہی کہ جمیع قراء نی تا علمت بفتحہ پڑھا ہی اور
کسائی نی بضمہ اور بعد اسکی کہا ہی کہ مفسرین عامہ گمان کرتی ہین کہ یہ قرات مروی
علی ابن ابی طالب علیہ السلام سی ہی اور فخر رازی نی لکھا ہی کہ کسائی بضم تا پڑھتا ہی
اور حاصل معنی یہ ہین کہ موسی نی فرعون سی کہا کہ مین یقین جانتا ہون کہ یہ آیات
جانب خدا سی نازل ہوئی ہین اور سحر نہین پس اگر تو بھی اس معنی کو سمجھی اور فہم مین
لاوی اور اقرار و انکار کہتا ہوتا ہی ہوگا تو والا ہالک ہوگا تو بعد اسکی فخر رازی نی
لکھا ہی کہ بضم تا یہ قراءت علی کی ہی الخ قرات ابن عباس کی قولہ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ
جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا لفیفا یعنی تیرہ جا کی ہی اور یہی معنی لفیفا حاشیہ کی مین ای من ہاہنا
یعنی ہر جگہہ سی کہ ہوگی تم محشر مین حاضر کرینگی ہم اور سعید اور شقی کو تمیز دینگی ہم قولہ
وَإِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ یعنی جب پڑھا جاتا ہی قرآن اوپر اون کی

وحشت سی گر پڑتی ہین مومنون کی مثل اور سجدہ کرنیوالی ہین بسبب شکر کا قولہ وَيَقُولُونَ سُبْحَانَ
رَبِّنَا إِن كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُولًا یعنی اور کہتی ہین منزہ ہی پروردگار ہمارا یقینا وعدہ
پروردگار ہماری کا در صورت بعثت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی کہ قبل اسکی کتب سماوی سی
جانا تھا یعنی ہر آئینہ ثابت اور واقع ہی قولہ وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ
تکرار اس کلام کی بجہت اختلاف سبب کی ہی اسواسطی کہ خرور اول یعنی گرنا اون
مومنون کی اول مرتبہ واسطی شکر برلانی وعدہ کی اور خرور دوم واسطی تاثیر مواعظ
قرآن کی ہی کہ انکی دلون مین اثر کیا تھا اور بعضون نی کہا ہی کہ خرور اول واسطی
شکر کی ہی اور ثانی واسطی بکا کی قولہ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ
ذَٰلِكَ الخ اس آیت سی مطلق معلوم ہوتا ہی کہ ہر نماز مین نہ بہت باواز بلند قرات
کرلی اور نہ بہت آہستہ لیکن حدیثون سی معلوم ہوتا ہی کہ دو رکعت فجر اور دو رکعت
مغرب اور دو رکعت عشا کو معصومین علیہم السلام نی باواز بلند پڑھا ہی اور باقی
رکعات کو آہستہ اور جابر بن یزید جعفی نی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی
روایت کی ہی کہ تفسیر باطنی اس آیہ کی یہ ہی کہ آشکار انکر ولایت علی علیہ السلام
کی اور پوشیدہ بھی مکر ولایت اوس جناب کی یعنی خدا کہتا ہی کہ مجھسی اذن لی
جس طرح مین کہون اوس طرح راہ اوسط کو لی یعنی کہ شیعہ غالی ظاہر کرتی ہین اور خوارج
پوشیدہ کرتی ہین بلکہ بعد نبی کی سب سی افضل جانا چاہیی اور صلوۃ کو نسبت ولایت
سی اسواسطی دی ہی کہ بدون اعتقاد ولایت اور امامت اوس جناب کی
نماز صحیح نہین ہی قولہ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي الخ روضہ کافی مین جناب عبد علیہ السلام سی

روایت ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ نی ایک تمیر ستیم کو فرمایا کہ صبح اور

شام کہتہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

بعد اسکی تیسری کہا کہ [illegible] قرآن آیات کی تلاوت کی [illegible] بیماری [illegible]

آیاتہا ۱۱۰ کلماتہا [illegible] سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ حروفہا [illegible] رکوعہا ۱۲

سورہ کہف کے ہین نازل ہوئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہون مین ساتہ نام خدا کے ایسا کہ رحمن اور رحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝

جمیع ستایش واسطی اللہ کی ہی ایسا کہ نازل کیا اوپر بندہ اپنی کی قرآن کو اور نہین کی واسطی اوسکی کجی

قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

درحالیکہ وہ قرآن ستوار ہی تاکہ خوف لاوی [illegible] عذاب سخت [illegible] اور بشارت دیوی مومنین کو ایسی کی

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝

عمل کرتی ہین کارہای نیک بتحقیق واسطی انکی اجر نیک ہی [illegible] رہنی والی اوس بیچ اوسکی ہمیشہ

وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

اور تاکہ ڈراوی ان لوگون کو کہا انہون نی لیا ہی خدا نی فرزند [illegible] واسطی انکی ساتہ اوس کی [illegible]

وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ

[illegible] اور نہ واسطی باپ دادی انکی [illegible] کلمہ نکلتا ہی منہ سی اون کی نہین [illegible] کہتے ہین

اِلَّا كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

مگر جہوٹ پس شاید کہ تو ای محمد قتل کنندہ نفس اپنی کا ہی پیچہ [illegible] انکی کی اگر ایمان نہ لاوین

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا

ساتہ اس قرآن کی ازروی غم کی بتحقیق ہم نی کیا ہی جو چیز کہ اوپر زمین کی ہی زینت واسطی اہل زمین کی

لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا

تاکہ آزمایش کرین ہم انکو کون سا ان مین نیکوتر ہی ازروی عمل کی اور بتحقیق ہم البتہ کرنیوالی ہین جو چیز اوپر زمین کی ہی خاک

جُرُزًا ۝ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا

[illegible] کیا معلوم کیا ہی تو ای محمد بتحقیق اصحاب کہف اور رقیم تہی آیات ہماری سی

عَجَبًا ۝ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا

عجیب یاد کر تو ای محمد جس وقت کہ جگہ لی جوانون نی طرف غار کی پس کہا انہون نی [illegible] ہمارے دی

مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى

نزدیک اپنی سی رحمت کو اور مہیا کر واسطی ہماری کام ہمارا سی نجات کو پس کہا ہم نی اوپر

اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ

کانون انکی کی حجاب بیچ غار کی سالہای چند بعد اسکی برانگیختہ کیا ہم نی انکو تاکہ جانین ہم

اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝

کون دو گروہ مین شمار کنندہ ہی واسطی اس چیز کہ دیر کی انہون نی ایک مدت

ع

الی کعب سی روایت ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ جو شخص روز جمعہ اس سورہ

کو پڑہی سات روز تک فتنہ دجال سی امن ہی اور اگر اس آٹہہ روز مین دجال خروج

کری حقتعالی حافظ اوسکا ہی فتنہ دجال سی اور اگر آخر اس آیت کو یعنی قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ
تا آخر سورہ تلاوت کری اور سور ہی تو ایک نور بالائی سر اوسکی درخشان ہوتا ہی
اور انتہا اوسکی کو مکہ تک ہی اور ملائکہ درمیان اوس نور کی درود اوسپر بھیجتی ہین
تا ہنگام اوٹھنی کی سمرہ بن جندب نی روایت کی ہی کہ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ
نی فرمایا کہ جو شخص ہر روز آیت سورہ کہف کو پڑہی فتنہ اوسکو ضرر نہین پہنچاتا ہی
اور اگر تمام سورہ کو پڑہی البتہ بہشت مین داخل ہوگا قولہ تعالی اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحَابَ
الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ
کفار قریش نی ایک جماعت کو نزدیک نصاری نجران کی بہیجا کہ چند مسئلی اونسی
حاصل کرین اور بعد اسکی حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ سی استفسار ہون
نصاری نی کہا کہ محمد سی قصہ اصحاب کہف اور قصہ موسی و ذو القرنین اور
وقت قیام قیامت کو سوال کرو اگر جواب اسکا مطابق ہماری جواب کی ہو تو
وہ صادق ہی والا کاذب چنانچہ قریش نی بوسیلہ ابی طالب عم اون حضرت کی مسائل
مذکورہ کو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ سی عرض کیا اور انحضرت نی بدون انشاء
اللہ کہنی کی فرمایا کہ کل مین جواب انکا دونگا بنا بر اسکی چالیس شبانہ روز وحی نازل نہوئی
حضرت رسالت پناہ اور ابو طالب غمگین ہوئی اور مومنین کو شک نبوت مین
اونحضرت کی بہم پہنچا اور کفار قریش خوشحال ہوئی تا اینکہ بعد چہل روز یہ آیہ آیا
اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ اور کہف ایک غار ہی کہ ایک جماعت
مومنین کی زمانہ فترت مین کہ مابین زمانہ عیسی اور پیغمبر ہماری محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی

ہی خوف پادشاہ اپنی کی دقیانوس نام تہا اوس غار مین بہاگ کر بہی تہی اور رقیم نام
دو لوح کا ہی کہ جس مین اوریاہ ہمین اسماء اصحاب کہف مرقوم تہی بنا بر اسکی
قصہ اصحاب کہف اور رقیم ایک قصہ ہوتا ہی اور بنا بر روایت نعمان بن
بشیر کی رقیم مین تین شخص تہی کہ داخل اسی غار مین ہوئی اور در غار اونپر بند ہوگیا اور
بعد اوسکی ہر ایک نی اوس عمل کو کہ قربۃ الی اللہ کیا تہا یاد کیا اور اوسکو وسیلہ
اپنی اجابت دعا کا کیا تا اینکہ حقتعالی نی بعوض دعائی ہر ایک کی ثلث ثلث اوسکا
کشادہ کیا ازبسکہ پس اتنی غیرت قصہ اصحاب کہف کی ظاہر ہوتی ہی اور
تفصیل اس قصہ کی تفاسیر مطولہ مین مذکور ہی چنانچہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام
سی یہودی نی کئی مسئلی پوچہی ازانجملہ قصہ اصحاب کہف کا حضرت نی فرمایا کہ مینی حضرت
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ سی سنا ہی کہ ایک شہر تہا روم مین کہ اوسکو افسوس
کہتی تہی پادشاہ اوسمین صالح تہا جب اوسنی وفات پائی تب اختلاف بہم پہنچا ایک
پادشاہ فارس کا مسلط ہوا اوس شہر کو پای تخت اپنا کیا اوسمین ایک قصر بنایا ایک
فرسخ سی ایک فرسخ تک وسعت اوسکی تہی اوسمین ایک نشست گاہ بنائی ہزار
گز سی ہزار گز چوڑائی اور لنبائی مین شیشہ کی اور اوسمین چار ہزار استون سونی کا برپا کیا تہا
اور ہزار قندیل سونی روپی کی زنجیرون مین لٹکائی تہین اور خوشبو ترین روغنون
سی اونکو روشن کیا تہا اور جانب مشرق اوسکی آٹہہ روزن بنائی تہی جب آفتاب
نکلتا تہا اوس مین روشنی آتی تہی غروب آفتاب تک اور ایک تخت بنایا تہا سونی کی اور
پائی اوسکی روپی کی تہی اور ہر طرح کی جواہر اوس مین جڑی تہی اور فرش عالی اوس پر

بیٹھایا تھا دہنی طرف تخت کی آٹھی کرسی ان کی تھی جنپر بیٹھتی تھی سرداران فوج کی اور
کارپردازان دولت کی اوس پر بیٹھتی تہی اور بائین طرف تخت کی بہی آٹھی کرسی
گردانا اوسی آہن کو مانند آگ کی کہا کہ دو مجھی مس گداختہ کہ ڈالون اوپر اوسکی پس نہ طاقت پائی

أَنْ يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ۝ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ

یہ کہ آوین بالای سد کی اور نہ طاقت پائی اور نہ سوراخ کرسکی کہا ذوالقرنین نی یہ رحمت ہی

مِنْ رَبِّي فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ وَكَانَ

رب میری سی پس جسوقت کہ آویگا وعدہ رب میری کا گردانیگا اوسکو ریزہ ریزہ اور ہی

وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ۝ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ

وعدہ رب میری کا راست منع کرینگی ہم بعضی کو انکی روز آخر مین کہ داخل ہو بعض بیچ بعض کی

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ۝ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ

اور وہ پہونکا جاویگا بیچ صور کی پس جمع کرینگی ہم اونکو اور ظاہر کرینگی ہم دوزخ کو

يَوْمَئِذٍ لِلْكَافِرِينَ عَرْضًا ۝ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ

آج کی دن واسطی کافرون کی بکمال ظہور یہ کافر تہین آنکہین اون کی

فِي غِطَاءٍ عَنْ ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ۝

بیچ پردہ کی ذکر میری سی اور تہین وہ جماعت کہ طاقت نہین رکہتی ہین سننی کے

قوله يسئلونك عن ذي القرنين ذی القرنین مین بہت اختلاف ہی اکثر مفسر کہتی ہین کہ سکندر رومی تہا بعضی نی فارس سی نسبت دی ہی حضرت امیر المومنین علیہ السلام نی فرمایا کہ ذی القرنین اہل روم سی ہی اور نام اوسکا عیاش تہا اور بندہ صالح نبی کہ خدا نی حکم اوسکا درمیان ناحیہ مغرب جاری کیا تہا اور قرنہای گذشتہ مین مبعوث ہوا تہا اہل اوس قرن نی اوسکی تکذیب کی اور دہنی طرف سر کی اوسکی ضرب شمشیر کی ماری تہی اوسی ضرب سی وہ مرگیا بعد سو برس کی پہر خدا نی اوسکو زندہ کیا اور ناحیہ مشرق پر مبعوث کیا اہل اوس قرن نی بہی اوسکو جہوٹہا جانا اور ضرب شمشیر کی اوسکی بائین طرف سر کی ماری کہ اوسی وہ وفات کرگیا بعد سو برس کی پہر حقتعالی نی زندہ کیا اور بجائی دو ضرب کی دو شاخ درمیان خالی دونو طرف سر کی پیدا کیا کہ وہ نشانہای نبوت اوسکی کی تہی چنانچہ اون دو شاخ سی تاریکی اور رعد اور برق ظاہر ہوتی تہی جو شخص اوسکی مخالفت کرتا تہا اوسکو ہلاک کرتا تہا اور حدیثین کئی وجہ سی اس باب مین منقول ہین

بسبب اختصار کی نہین لکھا احوال سیر ظلمات اور چشمہ حیات وغیرہ کا کتابون بڑی
مین لکھا ہی مثل حیات القلوب وغیرہ کی جو چاہی دیکھی قوله تعالی وجدها تغرب فی
عین حمئة یعنی پایا آفتاب کو کہ غروب ہوتا تھا بیچ چشمہ کی کہ آب اوس کا تھا
مخلوط بگل سیاہ تھا یعنی چشمہ کی گل سیاہ کی ہین اور بعضی قاریون نی حامیہ
پڑھا ہی یعنی حارہ کی اور جابر نی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی
کہ حضرت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ غروب ہوتا ہی شمس بیچ چشمہ
حامیہ کی اوس دریا مین کہ قریب ہی اوس شہر سی کہ متصل ہی مغرب سی اور مراد
اوس سی شہر جابلقا ہی قوله تعالی حتی اذا بلغ مطلع الشمس یعنی جس وقت پہنچا اوس
موضع مین کہ اول طلوع آفتاب اوس جگہہ پر تھا ابن بابویہ رضی اللہ عنہ نی کتاب
کمال الدین تمام النعمة مین اور محمد بن مسعود عیاشی نی تفسیر اپنی مین روایت
کی ہی کہ ایک شخص نی بنی اسد سی حضرت امیر المومنین علیہ السلام سی کہا کہ
کس قسم ذوالقرنین نی قدرت جانی مشرق اور مغرب کی حاصل کی تھی حضرت نی
جواب مین فرمایا کہ حقتعالی نی ابر کو مسخر اوس کا کیا تھا کہ جس جگہہ چاہی ابر اون کو
وہان لیجاوی اور تابع کیا تھا نور کو اس حیثیت سی کہ شب اور روز نزدیک اونکی
یکسان تھی اور شب مانند روز کی روشن ہو جاتی تھی قوله تعالی ان یاجوج وماجوج
مفسدون فی الارض یعنی تحقیق کہ قوم یاجوج اور ماجوج فساد کرتی رہتی ہین
تفسیر عیاشی مین جناب امیر المومنین علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ
اونہین لوگون نی کہ ای ذوالقرنین یاجوج اور ماجوج کہ پشت ان دو کوہ کی ہین

فساد کرتی ہین بیچ زمین کی اس طرح سی کہ غارت قطع زراعت کا کرتی ہین ثمرات اور
زراعت ہماری کو کہا لیتی ہین اور اصلا ہماری کہانی کی واسطی باقی نہین چھوڑتی ہین پس
آیا تو مقرر کرین ہم واسطی تیری خراج ہر سال بیچ بنا کرنا اسکی کہ درمیان ہماری اور انکی ایک
سد بنا دی کہ مانع انکی آنی سی ہو پس ذوالقرنین نی اوس قوم سی لکڑی لوہی کی طلب کی
اون لوگون نی حاضر کیا درمیان دو طرف اوس پہاڑون کی لوہی کو تلی اوپر
رکھہ یا جب برابر ہوا حکم دیا کہ اوسکو آگ سی گرم کرین جب خوب گرم ہوا تب تانبا
پگھلا یا ہوا اوسپر ڈالا کہ سب ملکیا مانند دیوار سخت کی ہو گیا کہ اوسکو توڑ نہین سکتی
ہین مگر جب وعدہ ہوگا پروردگار کا قیامت کو اوس سد کو ٹکڑی ٹکڑی کرینگی اور
کتاب علل الشرائع مین علی بن محمد علیہ السلام سی روایت ہی کہ جمیع ترک اور صقالبہ
اور یاجوج اور ماجوج وغیرہ سب فرزندان یافث بن نوح علیہ السلام ہین اور
روضہ کافی مین روایت کی ہی کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سی سوال کیا
حقیقت مخلوقات سی حضرت نی فرمایا کہ یاد رکھہ دو سی مخلوق خشکی مین اور دوسری
مخلوق دریا مین پیدا ہوئی ہین اور بنی آدم ہفتاد جنس ہین اور ناس سب اولاد
آدم سی مگر یاجوج اور ماجوج کہ وہ جملہ ناس سی نہین ہین ہر چند کہ بنی آدم ہین اور
تفسیر علی بن ابراہیم مین حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ کوئی یاجوج
اور ماجوج سی نہین مرتا ہی مگر یہہ کہ صلب اوسکی سی ہزار فرزند پیدا ہوتی ہین
اور بعد اوسکی فرمایا کہ بیشتر مخلوقات یاجوج اور ماجوج ہین کہ بعد ملائکہ مخلوق
ہوئی ہین قوله تعالی وکانوا لا یستطیعون سمعا یعنی یہہ مین جماعت کہ طاقت نہین

رکہتی ہین سُنی ذکر میری کی عیون اخبار الرضا مین ابو الصلت ہروی سے روایت کی ہی کہ
ایک روز مامون رشید نی تفسیر آیہ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ فِي غِطَاءٍ عَن ذِكْرِي
کی حضرت امام رضا علیہ السلام سے سوال کیا حضرت نی فرمایا کہ ذکر چشم سے دیکہا نہین
جاتا لیکن حقتعالی نی تشابہت دی ہی منکرین ولایت امیر المومنین علیہ السلام کو
ساتہہ نابیناؤن کی کہ مرتضی علیہ السلام کو اور ستر مین ولایت اونحضرت کو
نہین دیکہہ سکتی اور گران ہوتا ہی اونپر کہنا پیغمبر کا تعریف امیر المومنین علیہ السلام
کو اور تاب سُننی اوسکی کی نہین لاتی ہین بعد اسکی مامون رشید نی کہا کہ خوشحال کیا
تو نی مجہی حقتعالی تجہی خوشحال کری نیا بر اسکی مراد ذکر سی علی مرتضی اور ولایت
اونحضرت کی ہی تکملہ زبینات کو ع و م قولہ جزاء الحسنی دس حرف مین ہر
اوسکی ایک سی کہتر ہوتی ہین اور بینات اوسکی چار سی تیس ہوتی ہین
مجموع اونہین دونو کا چہہ سی ایک ہوتا ہی گلی اوس سے یہہ عبارت

ہی ولاء اہل البیت حبہم مجلاء

أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِن دُونِي
آیا گمان کرتی ہین وہ لوگ کہ کافر ہوئی ہین یہہ کہ لیوین بندگان میری کو سوا میری
أَوْلِيَاءَ إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلًا ○
دوست نفع پہنچانی والی بدرستیکہ ہمنی مہیا کیا ہی جہنم کو واسطی کافرون کی جائی نزول
قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُم بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ○ الَّذِينَ ضَلَّ
کہہ تو ای محمد آیا خبر کرین ہم تمکو ساتہہ زیانکارترین مردمان کی از روی عمل کی وہ لوگ کہ ضایع ہوئی

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ
سعی اونکی بیچ حیات دنیا کی اور وہ گمان کرتی ہین ہمیشہ رستی کہ وہ نیک کرتی ہین
صُنْعًا ○ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ
کام کو یہہ گروہ وہ لوگ ہین کہ کافر ہوئی ساتہ آیات رب اپنی کی اور ملاقات اوسکی کی
فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا ○
پس باطل ہوئی اعمال اونکی پس نہین گردانینگی ہم واسطی اونکی روز قیامت مین کچہہ قدر اور مرتبہ
ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي
یہہ جزا اونکی ہی کہ جہنم مین ہین بسبب اس چیز کی کہ کافر ہوئی اور لیا آیات ہماری اور رسولون ہماری کو
هُزُوًا ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ
ہنسی مین بدرستیکہ وہ لوگ ایمان لائی ہین اور عمل کرتی ہین نیک ہین واسطی اونکی
جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ○ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا
باغہای عالیہ از روی منزلت کی درحالیکہ ہمیشہ رہنی والی ہین بیچ اوسکی طلب نہین کرینگی اوس جگہ سی
حِوَلًا ○ قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي
انتقال کو کہہ تو ای محمد اگر ہو دریا روشنائی واسطی کلمات رب میری کی
لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا
ہر آئینہ تمام ہو جاوی دریا قبل اسکی کہ تمام ہو کلمات پروردگار اپنی کی اور اگر لاوین ہم
بِمِثْلِهِ مَدَدًا ○ قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا
مثل اسی دریا کی مدد کو کہہ تو ای محمد کہ نہین ہون مین مگر آدمی مثل تمہاری کہ وحی کیجاتی ہی طرف میری یہ کہ

إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ

اللہ تمہارا اگر اللہ واحد ہے پس جو شخص کہ ہو امیدوار ملاقات رب اپنے کا پس چاہیے کہ بجا لاوے

عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا ع

عمل نیک اور نہ شریک لاوے ساتھ عبادت رب اپنے کی کسی ایک کو

وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت ابی جعفر الباقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ مراد گمان کرنیوالوں سے نصاری ہیں اور قسیسین اور رہبان کہ یہ علماے یہود اور نصاری کے ہیں اور شبہہ کرنیوالے ہیں صاحبان خواہش اہل قبلہ سے اور خوارج نہروان میں چنانچہ تفسیر عیاشی میں جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہے کہ یہ گروہ ایسے ہیں اہل کتاب سے کہ کفر کیا انہوں نے ساتھ پروردگار اپنے کے اور بدعت کی انہوں نے بیچ دین اپنے کے پس باطل ہوئے اعمال انکے اور بعضے ہیں اہل نہروان کوئی انمیں سے سعید وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا تفسیر عیاشی میں علا بن فضیل نے حضرت صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے تفسیر اس آیہ کی

فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا

کہ حضرت سے پوچھا میں نے فرمایا کہ جو کوئی نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور زکوٰۃ ادا کرے اور حج اسلام کو بجا لاوے لیکن مطلب اس عبادات سے یہ ہو کہ لوگ اس شخص کو بہتر جانیں پس اس ارادہ سے شرک ملایا اپنے عمل میں لیکن یہ شرک کفر نہیں ہے اور خدا تعالی نے جس شرک کا وعدہ کیا ہے کہ نہیں بخشونگا میں شرک کرنیوالے کو

وہ شرک جلی ہے مثل بت پرستی وغیرہ کے اور دوسری حدیث میں صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ شرک وہ ہے کہ ولایت اور محبت آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہم اجمعین میں دوسروں کو شریک کرنا اور مراد عبادت سے دوستی ائمہ ہدی علیہم السلام کی ہے اور حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شرک عبادت میں وہ ہے کہ دوسرے سے نماز وغیرہ میں اعانت اور مدد طلب کرے حتی کہ وضو کی واسطے دوسرے شخص سے پانی طلب کرے لیکن بہتر وہ ہے کہ وضو میں دوسرا کوئی پانی نہ ڈالتا جاوے تکملہ زبر و بینات کو چ سوم إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا بارہ حرف ہیں بینات اوسکی بہات سے اٹھتیس ہوتے ہیں نکلی اوس سے یہ عبارت هؤلاء علي والأئمة الهادون

آياتها ٩٨ كماها بسورة مريم عليها السلام مكية ركوعها ٦

سورہ مریم علیہا السلام مکہ میں اتری

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام خدا بڑے مہربان بخشش کرنیوالے کی

كهيعص ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا ۝ إِذْ نَادَىٰ

یہ ذکر رحمت رب تیرے کا ہے کہ دعا کی بندہ اوسکے زکریا نے جبکہ ندا کی

رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ

رب اپنے کو پندا ای آہستہ کہا زکریا نے کہ ای رب میرے بتحقیق سست ہوئیں ہڈیاں مجھ سے اور سفید ہوا سر

شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ

از روی پیری کے اور نہ تھا میں قبل اسکے ساتھ دعا تیری کے ای پروردگار محروم اور بتحقیق ڈرا ہوں میں

مِن وَرَآئِي وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا ۝

بعد میری سی اور ہی زن میری نازائندہ پس دی مجکو نزدیک اپنی سی فرزند

يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝

کہ ہووی وارث میرا اور وارث فرزندان یعقوب سی اور کر اوسکو ای پروردگار میری پسندیدہ

يَا زَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَىٰ لَمْ نَجْعَل لَّهُ

ای زکریا بدرستیکہ ہم بشارت دیتی ہین تجہی ساتہ فرزند کی کہ نام اوسکا یحیی ہی نہین گردانا ہمنی واسطی اوسکی

مِن قَبْلُ سَمِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِي

قبل اوسکی ہمنام کہا زکریا نی ای پروردگار میری کس طرح ہوگا واسطی میری فرزند حالانکہ زن میری

عَاقِرًا وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝ قَالَ كَذَٰلِكَ

نازائندہ اور تحقیق پہنچا ہین میری سے بڑہاپے کے اعضا کو کہا حق تعالی نی اسی طرح ہی

قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِن قَبْلُ وَلَمْ تَكُ

کہا پروردگار تیری نی کہ یہہ پیدا کرنا اوپر میری آسان ہے اور تحقیق پیدا کیا ہی تجہی قبل اسکی اور نہ تہا تو

شَيْئًا ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّي آيَةً قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ

کوئی چیز کہا زکریا نی ای رب گردان واسطی میری ایک نشانی کہا خدا نی نشانی تیری یہہ ہی کہ نہ کلام کریگا

النَّاسَ ثَلَاثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ۝ فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ مِنَ الْمِحْرَابِ

ساتہ آدمیون کی تین شبانہ روز برابر پس باہر ہوئی زکریا اوپر قوم اپنی کی معبد سے

فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ أَن سَبِّحُوا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ۝ يَا يَحْيَىٰ خُذِ

پس اشارہ کیا طرف اونکی یہہ کہ تسبیح کرو تم صبح کو اور شام کو ای یحیی لی

الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۝ وَحَنَانًا مِّن لَّدُنَّا

کتاب توریت کو ساتہ کوشش تمام اور دیا ہمنی اوسکو نبوت کو حالانکہ طفل تہا اور مہربانی کرنا نزدیک اپنی سی

وَزَكَاةً وَكَانَ تَقِيًّا ۝ وَبَرًّا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُن جَبَّارًا عَصِيًّا ۝

اور دیا ہمنی طہارت کو اور تہا پرہیزگار اور نیکی کنندہ ساتہ والدین اپنی کی اور نہ تہی سرکش و عصیان کنندہ

وَسَلَامٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ۝ ع

اور سلام ہمارا ہو اوپر اوسکی اوس روز کہ پیدا ہوا اور اوس روز کہ مریگا اور اوس روز کہ اوٹہایا جاوےگا زندہ

قولہ کہیعص علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت
کی ہی کہ کہیعص معنی اس عبارت کی ہین هُوَ الْكَافِي الْهَادِي الْعَالِمُ
الصَّادِقُ ذُو الْأَيَادِي الْعِظَامِ اور کتاب احتجاج مین حجت خدا امام مہدی
صلوات اللہ علیہ سی روایت کی ہی کہ اوحضرت نی فرمایا کہ کاف اسم کربلا اور
ہا ہلاکت عترت اور یا یزید علیہ اللعنۃ کہ وہ ظالم کنندہ حسین ہی اور عین عطش اور
تشنگی اونکی ہی اور صاد صبر حسین ہی اور یہی فرمایا ہی کہ جسوقت کہ زکریا نام سید
الشہدا علیہ السلام لیتی تہی حزن اور گریہ اونپر غالب ہوتا تہا حقتعالی سی سبب
اسکا استفسار کیا تہا حقتعالی نی وحی اونکی کلمہ کہیعص کہا تا یہہ حروف اشارہ
بشہادت حضرت امام حسینؑ ہون اور بعد اوسکی زکریا نی واہب العطایا سی خواہش
ایک فرزند کی کی او مبتلا ہونا مصیبت اوسکی مین مستدعی اور خواہان ہوئی جس
طرح سی بہترین خلق خدا محمد مصطفی اور علی مرتضی اور فاطمہ زہرا علیہم السلام مصیبت
اوحضرت مین گرفتار ہوئی تہی بنابر اسکی حقتعالی نی یحیی کو عطا کیا کہ شربت مصیبت

کو اوسی یکہنا پایا اور مدت کل اوکی او حضرت سید الشہدا کی تہا ہیں قولہ ذِکْرُ
رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا خبر مبتدا محذوف ہی ای ہمنا الذی نتلوہا
عَلَيْكَ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ قولہ إِذْ نَادَى رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا یعنی جبوقت
ندا کی زکریا نی پروردگار اپنی کو ندا ہی پوشیدہ اسوسطی کہ اخفاء دعا مین
باجابت قریب تر ہی اور بیچ حدیث کی وارد ہی خَيْرُ الدُّعَاءِ الْخَفِيُّ وَخَيْرُ
الرِّزْقِ مَا يَكْفِي بہترین دعا خفی اور بہترین رزق بقدر کفایت ہی اور
دعا زکریا کی یہہ تہی کہ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ قولہ وَلَمْ أَكُنْ بِدُعَائِكَ
رَبِّ شَقِيًّا یعنی تہا مین متصل اسکی ساتہہ تیری کی ای رب میری محروم اور
بی بہرہ پس امیدوار ہون مین کہ بعد اسکی بہی اجابت دعا اپنی سی بی بہرہ نہون
قولہ وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ اگرچہ لفظ خفت کی اور لفظ کانت کی بصیغہ ماضی
ہین لیکن مراد اوس سی حال اور استقبال ہی اور کبہی ماضی اردو کرتی ہین اور
استقبال مراد ہوتا ہی قولہ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَى یعنی ای زکریا در ستیکہ ہم بشارت
دیتی ہین ساتہہ ایک فرزند کی کہ نام اوسکا یحیی ہی اور بعضون نی کہا ہی
کہ یحیی مشتق احیا سی ہی یعنی زندہ رکہنی والا امام بدر الدین کا ہی لیکن
فخر الدین رازی نی بعد نقل ان وجہون کی کہا ہی بدرستیکہ یہہ وجہ ضعیف ہین
اسوسطی کہ اسما و القاب مین وجہ اشتقاق مطلوب نہین ہوتی قولہ خُذِ
الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ اس جگہہ مقدمہ چند محذوف ہین اور تقدیر کلام اسطرح کی
ہی کہ بعد پیدا ہونی یحیی کی او عطا کری عقل و فہم اونکی کہا ہمنی اوسکو کہ ای یحیی

لی کتاب توریت کو ساتہہ کوشش تمام کی او دیا ہمنی یحیی کو نبوت در حالت کودکی
ابن عباس سی منقول ہی کہ یحیی سن سہ سالگی مین مرتبہ نبوت کو پہنچی علی ابن ابراہیم
نی لکہا ہی کہ حضرت جواد یعنی حضرت محمد تقی علیہ السلام سن نہ سالگی مین کمال عقل اور
ذکا کو پہنچی اور امامت حاصل ہوئی اور اس امر مین متامل تہا کوئی او حضرت نی نوہ
امامت سی دل میری کو دریافت کیا فرمایا کہ حق سبحانہ و تعالی انہہ امامت کو ہی
اوس طریق پر کہ اخذ نبوت کیا ہی اور اس آیہ کو تلاوت فرمائی وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ
صَبِيًّا بعد اسکی ارشاد کیا کہ ذَلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ یہہ ہی فضل
اللہ کا دیتا ہی جس شخص کو کہ چاہتا ہی وَسَلَامٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ
وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا عیون اخبار الرضا مین خادم سی روایت ہی کہ اوسنی کہا
کہ سنا مینی حضرت امام رضا علیہ السلام سی کہ فرماتی تہی کہ خلائق پر تین موضع بہت
دہشتناک ہین ایک وہ روز کہ شکم مادر سی باہر آتا ہی اور نظر اوسکی پر دنیا
پڑتی ہی اور دوسرا وہ روز ہی کہ مرتا ہی اور اہل آخرت کو دیکہتا ہی اور تیسرا
وہ روز ہی کہ زندہ ہوتا ہی قیامت مین اور مشاہدہ کرتا ہی چند اشیا کو کہ
ہرگز دار دنیا مین مثل اوسکی نہین دیکہا تہا پس بتحقیق کہ حق تعالی نی یحیی کو
ان تینون موضع مین سلامتی نفس کی عطا کی اور بعد اسکی اس آیہ کریمہ کو تلاوت
کیا سَلَامٌ عَلَيْهِ تکملہ بروز مبیات کوچ چہارم قولہ لَمْ نَجْعَلْ لَهُ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا سترہ
حرف ہین مبیات اوسکی سات سو نوی ہوتی ہین نکلی اوس سی یہہ عبارت
الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ هُوَ نَائِبُ أَحْمَدَ حَقًّا وَيَحْيَى ابْنُ زَكَرِيَّا
۱۵۱ ۵۲ ۱۱ ۴۲ ۶۱ ۴۴ ۵۲ ۲۳۸

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا

اور یاد کر اے محمد بیچ قرآن کی قصہ مریم کو جس وقت کہ گوشہ نشینی کی اہل اپنی سے جا لیکر ایک مکان

شَرْقِيًّا ۝ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُونِهِمْ حِجَابًا فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا

جانب مشرق میں تھا پس لیا مریم نے سوا انکے ایک پردہ پس بھیجا ہم نے طرف اسکی

رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ إِنِّي أَعُوذُ بِالرَّحْمَٰنِ حزب

جبرئیل کو پس شکل ہوا واسطے مریم کی بشر ٹھیک کہا مریم نے تحقیق پناہ مانگتی ہوں میں ساتھ رحمن کے

مِنْكَ إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝ قَالَ إِنَّمَا أَنَا رَسُولُ رَبِّكِ

تجھ سے اگر ہو تو پرہیزگار کہا جبرئیل نے نہیں ہوں میں مگر بھیجا ہوا رب تیرے کا

لِأَهَبَ لَكِ غُلَامًا زَكِيًّا ۝ قَالَتْ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ

دوں میں واسطے تیرے فرزند پاکیزہ کہا مریم نے کس طرح ہوگا واسطے میرے فرزند

وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ۝ قَالَ كَذَٰلِكِ ربع

اور حالانکہ مس نہیں کیا مجھکو کسی آدمی نے اور نہیں ہوں میں زنا کار کہا جبرئیل نے اسی طرح ہے

قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۖ وَلِنَجْعَلَهُ آيَةً لِلنَّاسِ وَرَحْمَةً

کہا پروردگار تیرے نے یہہ کام اوپر میرے آسان ہے اور [illegible]

مِنَّا ۚ وَكَانَ أَمْرًا مَقْضِيًّا ۝ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهِ

نزدیک اپنی ہی واسطے خلق کی اور ہے یہہ امر مقرر کیا گیا پس حاملہ ہوئی مریم ساتھ عیسیٰ کے [illegible]

مَكَانًا قَصِيًّا ۝ فَأَجَاءَهَا الْمَخَاضُ إِلَىٰ جِذْعِ النَّخْلَةِ

مکان دور میں پس لایا اسکو درد زہ طرف درخت خرما کی

قَالَتْ يَا لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَٰذَا وَكُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا ۝

کہا مریم نے ایکاش کہ میں مر گئی ہوتی قبل اسکے اور ہو گئی ہوتی میں قابل فراموشی کی

فَنَادَاهَا مِنْ تَحْتِهَا أَلَّا تَحْزَنِي قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ

پس پکارا عیسیٰ نے اسکو نیچے سے اسکی یہ کہ غم کھا تحقیق کردیا رب تیرے نے نیچے تیرے

سَرِيًّا ۝ وَهُزِّي إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ

نہر پانی کی اور ہلا طرف اپنی ڈالی خرما کو تا کہ گری اوپر تیری

رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِي وَاشْرَبِي وَقَرِّي عَيْنًا ۖ فَإِمَّا تَرَيِنَّ

خرما تر و تازہ پس کہا اور پی تو اور روشن کر چشم کو فرزند سے اور اگر دیکھے

مِنَ الْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِي إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمَٰنِ صَوْمًا

آدمیوں سے کسی کو پس کہ تحقیق میں نے نذر کی ہے واسطے خدا کے خاموشی کو

فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنْسِيًّا ۝ فَأَتَتْ بِهِ قَوْمَهَا تَحْمِلُهُ ۖ

پس نہ سخن کرونگی میں آج کے دن کسی آدمی سے پس لائی مریم عیسیٰ کو نزدیک قوم اپنی کی اٹھا لیکر اپنے فرزند کو

قَالُوا يَا مَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا ۝ يَا أُخْتَ هَارُونَ

کہا قوم نے اے مریم ہر آئینہ لائی تو چیز عجیب کو اے بہن ہارون کی

مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا ۝

نہ تھا مرد بدکار باپ تیرا اور نہ تھی ماں تیری نا جبرہ

فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي

پس اشارہ کیا مریم نے طرف عیسیٰ کے کہا قوم نے کیونکر کلام کریں ہم اوس شخص سے کہ ہو بیچ

المهد صبیا ○ قال انی عبد الله آتانی الکتاب وجعلنی

گہوارہ کی رہنے والی لڑکی سی وہ بولا مین بندہ ہون اللہ کا دیا ہی مجکو کتاب انجیل کو اور کیا مجھی

نبیا ○ وجعلنی مبارکا این ما کنت واوصانی بالصلوٰة

نبی اور کیا مجھی برکت والا جس جگہ ہون اور وصیت کی مجھی ساتھ نماز کی

والزکوٰة ما دمت حیا ○ وبرا بوالدتی

اور زکوٰة فطرہ کی جب تک کہ رہون مین زندہ اور کیا مجھی نیک سلوک والا والدہ اپنی کی

ولم یجعلنی جبارا شقیا ○ والسلام علی یوم ولدت

اور نہین کیا مجھی سرکش اور بدبخت اور سلام خدا کا ہی اوپر میرے اوس دن کہ پیدا کیا مین

ویوم اموت ویوم ابعث حیا ○ ذلک عیسی ابن مریم

اور اوس روز کہ مرونگا مین اور اوس روز کہ برانگیختہ ہونگا مین زندہ یہ کہا کہ عیسی بیٹا مریم کا

قول الحق الذی فیه یمترون ○ ما کان لله ان یتخذ

کہنا ہی سخن راست حق عیسی مین ایسا کہ بیچ اوسکی شک کرتی ہین لوگ نہین سزاوار ہی اللہ کی کہ پکڑی

من ولد سبحانه اذا قضی امرا فانما یقول له

کوئی فرزند پاک ہی وہ خدا فرزند لینی سی جسوقت کہ حکم کرتا ہی کسی امر کو پس اسی کی کہتا ہی واسطی اوسکی

کن فیکون ○ وان الله ربی وربکم فاعبدوه هذا

ہو پس ہو جاتا ہی اور تحقیق خدا رب میرا ہی اور رب تمہارا ہی پس عبادت کرو تم اوسکی یہی

صراط مستقیم ○ فاختلف الاحزاب من بینهم فویل

راہ راست ہی پس اختلاف کیا فرقہاے نصاری نی باہمدیگر پس عذاب ہی

للذین کفروا من مشهد یوم عظیم ○ اسمع بهم وابصر

واسطی اون لوگون کی کہ کافر ہوی وقت حاضر ہونی قیامت کی سنا لو اونکو اور دیکہا

یوم یاتوننا لکن الظلمون الیوم فی ضلال مبین ○

اوس روز کہ آوینگی نزدیک ہماری لیکن ستمگاران آج کی دن بیچ گمراہی ظاہر کی ہین

وانذرهم یوم الحسرة اذ قضی الامر وهم فی

اور ڈرا تو اونکو روز حسرت سی جسوقت کہ ادا ہوگا حکم درحالیکہ وہ بیچ

غفلة وهم لا یؤمنون ○ انا نحن نرث الارض

غفلت کی ہین اور درحالیکہ وہ ایمان نہین لاتی ہین تحقیق ہم مالک ہونگی زمین کی

ع ومن علیها والینا یرجعون ○

اور اوس چیز کی کہ اوپر اوسکی ہی اور طرف ہماری سب رجوع کیے جاینگی

فائدہ فتمثل لها بشرا سویا قاضی ناصر الدین بیضاوی نی اپنی تفسیر مین اس احتمال قبیح کو ذکر کیا ہی کہ تمثل روح بصورت بشر اسواسطی تہا کہ تا شہوت مریم کی ہیجان مین آوی اور نطفہ بیچ رحم اوسکی کی گری اور ہرگاہ کہ یہہ بہتان عظیم ہی مادر انبیا پر لہذا زمخشری اور رازی نی ان مین سی بذکر اس احتمال کی راضی نہین ہوا ظاہرا قاضی کو راضی بذکر اس احتمال کا ہوا ہی مادر انبیا کو مانند مادر اپنی کی تصور کیا ہی نعوذ بالله من هذه التصورات الباطلة والکلمات الواهیة اور معنی اس آیت کی یہہ مین کہ جبریل متمثل ہوی بصورت آدمی کی تا مریم اوس سی نفرت نکرین اور سنی کلام اونکی مین مشغول

ہوئین اسواسطی کہ اگر بصورت ملائکہ آتی تو مستغفر ہوتین اور محال استماع کلام کرتین
قولہ تعالیٰ اِن کُنتَ تَقِیًّا بعضون نی کہا ہی کہ تقی نام ایک بدکار شریر کا تہا
کہ اوس زمانہ مین موجود تہا اور مریم نی حال اوسکا سنا تہا گمان کیا کہ یہہ مکر
اوسکا ہی بنابر اسکی کلمۂ اِنّی اَعُوذُ بِالرَّحمٰنِ زبان پر لائین اور ہرگاہ روح الامین
نی اضطراب مریم مشاہدہ کیا کہا جبرئیل نی اِنَّمَا اَنَا رَسُولُ رَبِّکِ
قولہ تعالیٰ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهِ مَكَانًا قَصِيًّا حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی
روایت ہی کہ بعد از گفتگوی بسیار جبرئیل نی گریبان مریم کا لیا اور ایک ہوا
درمیان گریبان اونکی کی پہونکی اوسی ساعت مریم حاملہ ہوئین اور فرزند رحم
اونکی مین تمام خلقت کو پہنچا جس طرح سی اور لڑکی رحم مادر مین نہہ ماہ مین کمال
خلقت پہنچتی ہین اور مریم واسطی غسل کی گئین تہین ہرگاہ مراجعت کی حاملہ
تہین اس حال کو اونکی دیکہکر خالہ مریم کی اونسی آزردہ خاطر ہوئی اس حدیث سی
معلوم ہوتا ہی کہ زمانہ حمل اور وضع کا ایک ساعت تہا اور حضرت صادق علیہ
السلام سی مروی ہی کہ زمانہ حمل اور وضع نو ساعت ہی جس طرح سی کہ علی ابن ابراہیم
نی روایت کی ہی کہ تہا حمل اونکا نو ساعت حقتعالی نی گردانا نو مہینونکو نو ساعت
اور بعضی احادیث سی ثابت ہوتا ہی کہ ایام وضع اور حمل چہہ مہینی تہا واللہ اعلم
بحقیقۃ الحال پس باہر گئین مریم بسبب اوسی حمل کی موضع بعید مین تہذیب
الاحکام مین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سی روایت ہی کہ مریم
دمشق سی روانہ ہوئین تا اینکہ داخل ہوئین کربلا مین پس وضع حمل ہوا اسی موضع

تر حسین مین بعد اوسکی اوسی شب مراجعت اپنی مکان کی طرف کی قولہ تعالیٰ قد جعل
ربّکِ تحتکِ سریًّا یعنی تحقیق گردانا رب تیری نی زیر قدم تیری ایک
نہر پانی کی وہ طلی پانی پینی اور طہارت کرینکی اور کتاب مجمع الجوامع مین لکہا ہی کہ
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سی سوال سریًّا سی کیا پس کہا کہ وہ جوی آب ہی یعنی
تحقیق گردانا رب تیری نی زیر قدم نہر کو کہ تا پیئی تو اوس سی اور طہارت
کری اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سی مروی ہی کہ حضرت عیسی علیہ السلام
نی قدم اپنا زمین پر مارا اور وہان ایک چشمۂ آب پیدا ہوا اور بعضون نی کہا
ہی کہ سریًّا مشتق سر سی ہی یعنی سید اور سردار کی اور معنی آیہ کی یہہ ہین تحقیق
پیدا کیا پروردگار تیری نی نیچی تیری فرزند سید اور بزرگ کو کہ وہ عیسی علیہ السلام
ہین قولہ تعالیٰ یا اُختَ ہارُونَ مفسرین نی اختلاف کیا ہی باب مین ہارون کی
بعضی کہتی ہین بنی اسرائیل مین ایک شخص ہارون نامی ایسا صالح تہا کہ صلاح مین
مثل ہارتی تہی اور لوگ تبرکا نام فرزندون اپنی کا ہارون رکہتی تہی چنانچہ منقول
ہی کہ جس روز ہارون فوت ہوا ہمراہ جنازہ اوسکی چالیس ہزار آدمی بنام
ہارون موجود تہی اور مراد اخت ہارون سی تشبیہ اوس ہارون سی بہ ظاہر
واقعی اور تفسیر علی بن ابراہیم مین خلاف اسکی واقع ہی اسواسطی کہ اوس مین
مرقوم ہی کہ اوس زمانہ مین ہارون نام ایک شخص تہا کہ نہایت فسق وفجور
عمل مین لاتا تہا پس حضرت مریم کو فسق وفجور مین مشابہت اوسکی دیتی تہی اور
تفسیر کبیر مین فخر رازی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت ہی کہ مراد اخت ہارون سی

ہارون نبی ہین کہ برادر موسی ہی اور مریم تھین نسل سی اونکی اور منقول ہی
درمیان ہارون برادر موسی کی اور درمیان مریم کی فاصلہ ہزار سال کا واقع
ہوا قولہ تعالی واوصنی بالصلوة والزکوة مراد زکوة سی زکوة فطر ہی کسو واسطی
زکوة مال محتاج پر واجب نہین ہی وے معدودی پر ہی اور زکوة فطر سب پر واجب
ہی چنانچہ علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ زکوة
سب پر نہین ہی کسو واسطی کہ ہر ایک شخص کی پاس مال نہین ہی مگر زکوة فطر
ہر ایک فقیر اور غنی اور چھوٹی اور بڑی پر ہی قولہ تعالی اذ قضی الامر وهم فی
غفلة یعنی روز حسرت وہ روز ہی کہ فارغ ہوئی ہوون حساب سی
اور حکم صادر ہوا ہو کہ فریق فی الجنة وفریق فی النار یعنی ایک
فریق جنت مین ہوون اور ایک فریق جہنم مین

واذکر فی الکتاب ابراهیم انه کان صدیقا نبیا ○
اور یاد کر ای محمد بیچ قران کی قصہ ابراہیم کو بدرستیکہ تھی وہ راست گو نبی
اذ قال لابیه یا ابت لم تعبد ما لا یسمع
جسوقت کہا واسطی پدر اپنی کی ای پدر میری کسو واسطی عبادت کرتا ہی تو اوسکی جو نہین سنتا
ولا یبصر ولا یغنی عنک شیئا ○ یا ابت انی قد جاءنی
اور نہ دیکھتا ہی اور نہین بی نیاز کرتا تجھی کسی چیز سی ای پدر میری بدرستیکہ آیا ہی مجھی
من العلم ما لم یاتک فاتبعنی اهدک صراطا سویا ○
دانائی سی وہ چیز کہ نہین آیا تجھی پس پیروی کر میری تا دکھلاؤن تجھی راہ راست

یا ابت لا تعبد الشیطان ان الشیطان کان للرحمن عصیا ○
ای پدر میری نہ عبادت کر شیطان کی بدرستیکہ شیطان ہی واسطی رحمن کی نافرمان
یا ابت انی اخاف ان یمسک عذاب من الرحمن
ای پدر میری بدرستیکہ ڈرتا ہون مین یہ کہ پہنچی تجھی عذاب جانب رحمن سی
فتکون للشیطان ولیا ○ قال اراغب انت
پس ہو تو واسطی شیطان کی دوست کہا پدر نی آیا منہ پھیرنیوالا ہی تو
عن الهتی یا ابراهیم لئن لم تنته لارجمنک واهجرنی
خداؤن ہمارے سی ای ابراہیم اگر نہ باز رہیگا تو ہر آینہ سنگسار کرونگا مین تجھی اور ترک کر تو مجھی
ملیا ○ قال سلام علیک ساستغفر لک ربی
زمانہ دراز کہا ابراہیم نی سلام وداع ہی اوپر تیری قریب ہی کہ طلب مغفرت کرون مین واسطی تیری پروردگار اپنی سی
انه کان بی حفیا ○ واعتزلکم وما تدعون من
بدرستیکہ ہی پروردگار میرا ساتھ میری مہربان اور کنارا کرتا ہون مین تم سی اور اونسی کہ عبادت کرتی ہو
دون الله وادعوا ربی عسی الا اکون بدعاء
غیر خدا سی اور عبادت کرتا ہون مین رب اپنی کی قریب ہی یہ کہ ہوون مین ساتھ دعا
ربی شقیا ○ فلما اعتزلهم وما یعبدون من دون
رب اپنی کی بی بہرہ پس جسوقت کہ جدا ہوئی ابراہیم اونسی اور اونسی کہ عبادت کرتی تھی سوای
الله وهبنا له اسحاق ویعقوب وکلا جعلنا نبیا ○
خدا سی دیا ہمنی واسطی اوسکی اسحاق کو اور یعقوب کو اور گردانا ہمنی ہر ایک کو نبی

ع

ووهبنا لهم من رحمتنا وجعلنا لهم لسان صدق عليًا
اور دی ہمنی ونہلی اونکی رحمت اپنی سی نیکیان اور کروا ہمنی ونہلی اونکی زبان راست نیکنام
واذكر في الكتاب موسى انه كان مخلصا وكان
اور یاد کر بیچ قرآن کی قصہ موسی کو بدرستیکہ وہ تہا پاک عیب سی اور تہا
رسولا نبيا ○ وناديناه من جانب الطور الايمن
بہیجا ہوا اور خبر دینی والا اور ندا کی ہمنی موسی کو طرف طور کی کہ وہ جانب راست کوہ کی تہا
وقربناه نجيا ○ ووهبنا له من رحمتنا اخاه هارون
اور نزدیک کیا ہمنی از روی راز کہنی کی اور دیا ہمنی ونہلی اوسکی رحمت اپنی سی بہائی اوسکا ہارون
نبيا ○ واذكر في الكتاب اسمعيل انه كان صادق
نبی کو اور یاد کر بیچ قران کی قصہ اسمعیل کو بدرستیکہ وہ تہی راست
الوعد وكان رسولا نبيا ○ وكان يامر اهله
وعدہ اور تہی رسول اور نبی اور تہی وہ کہ امر کرتی تہی اہل اپنی کو
بالصلوة والزكوة وكان عند ربه مرضيا ○
ساتہہ نماز کی اور دینی زکوۃ کی اور تہا نزدیک رب اپنی کی پسندیدہ
واذكر في الكتاب ادريس انه كان صديقا نبيا ○
اور یاد کر بیچ قران کی قصہ ادریس کو بدرستیکہ وہ تہی راستگو نبی
ورفعناه مكانا عليا ○ اولئك الذين انعم الله عليهم
اور بلند کیا ہمنی اوس کو مکان بلند مین یہہ گروہ وہ لوگ ہین کہ انعام کیا اللہ نی اوپر اون

من النبيين من ذرية ادم وممن حملنا مع نوح
نبیون سی فرزندان آدم سی اور ذریت اوس شخص سی کہ اوٹہایا ہمنی ساتہہ نوح کی
ومن ذرية ابراهيم واسرائيل وممن هدينا
اور فرزندان ابراہیم اور اسرائیل اور ذریت اون لوگون سی کہ ہدایت کی ہمنی
واجتبينا اذا تتلى عليهم ايات الرحمن خروا سجدا
اور برگزیدہ کیا ہمنی جسوقت کہ تلاوت کیجاتی ہی اوپر اونکی آیات خدا کی گرتی ہین واسطی سجدہ کی
وبكيا ○ فخلف من بعدهم خلف اضاعوا
اور روتی ہوئی پس آئی بعد اونکی فرزند بد کہ ضایع کی اونہون نی
الصلوة واتبعوا الشهوات فسوف يلقون غيا ○ الا من تاب
نماز کو اور پیروی کی اونہون نی خواہش کی پس شتاب ہی ملاقات کرینگی گمراہی کو مگر وہ کہ توبہ کی
وامن وعمل صالحا فاولئك يدخلون الجنة ولا
اور ایمان لایا اور عمل کیے نیک پس یہہ گروہ داخل ہونگی جنت مین اور نہین
يظلمون شيئا ○ جنات عدن التي وعد الرحمن عباده بالغيب
ظلم کیے جاتی ہین کسی چیز مین ایسی وہ جنت کہ جنات دائمی ہین ایسا کہ وعدہ کیا ہی خدا نی بندون اپنی کو ساتہہ غیب کی
انه كان وعده ماتيا ○ لا يسمعون فيها لغوا
بدرستیکہ شان یہہ کہ ہی وعدہ اوسکا لازم آیا ہوا نہین سنتی ہین بیچ اوسکی لغو کو
الا سلاما ولهم رزقهم فيها بكرة وعشيا ○
مگر سلام کو اور واسطی اونکی روزی اونکی بیچ اوسی جنات کی صبح اور شام

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۝

یہہ وہ جنت ہی کہ دیتا ہون ہم بندگان اپنی سی جو شخص کہ ہو پرہیزگار

وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا

اور نہین نازل کرتی ہم فرشتہ مگر ساتھہ حکم رب اپنی کی واسطی اوسکی ہی جو کچھہ کہ آگی ہمارے ہی اور جو کچھہ پیچھی ہماری ہی

وَمَا بَيْنَ ذَٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۝ رَبُّ السَّمَاوَاتِ

اور جو کچھہ درمیان اسکی ہی اور نہین ہی پروردگار تیرا بہولنے والا پروردگار آسمان

وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ

اور زمین ہی اور اوس چیز کا کہ درمیان ان دونوں کی ہی پس عبادت کر تو اوسکی اور صبر کر واسطی عبادت اوسکی

هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ۝ ع

آیا جانتا ہی واسطی اوس کی ہم نام

قوله وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝ علی بن ابراہیم نی روایت کی ہی کہ مراد من رحمتنا سی پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ ہین کہ وہ رحمۃ للعالمین ہین اور لسان صدق علیا سی وصی اونکی علی مرتضی علیہ السلام مراد ہین یعنی معنی کہ بخشا ہمنی ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو بعضی رحمت اپنی سی کہ وہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین اور انحضرت کو اولاد انبیا اونکی سی گردانا ہمنی اور گردانا ہمنی واسطی انکی لسان صدق کہ وہ علی مرتضی ہین بنا بر اس تاویل کی نام نامی اور اسم سامی جناب امیرالمومنین کا بعینہ قرآن مین مذکور ہوا ہی اس صورت مین لفظ علیا بدل لسان صدق ہی قوله وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ

مفسرین کہتی ہین کہ اسمعیل علیہ السلام فرزند ابراہیم علیہ السلام ہین اور علل الشرائع مین امام جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ وہ اسمعیل نہین ہین بلکہ یہہ پیغمبر ایک ہین پیغمبران خدا کی سی کہ مبعوث ہوئی تہی اوپر ایک قوم کی اونہون نی اوس جناب کی مونہہ کو زخمی کیا اور بال اوکہاڑ ڈالا اور بہت رنج دیا خدا نی ایک فرشتہ کو اونکی تابع کیا کہ جو وہ چاہین سو وہ کری اوس جناب نی کہا کہ مین پیروی امام حسین علیہ السلام کی چاہتا ہون کہ عذاب دنیا مین نہو اس قوم پر جسطرح سی امام علیہ السلام عذاب اپنی قاتلون کا قیامت پر موقوف رکہینگی اور وہ اسمعیل اپنی باپ ابراہیم علیہ السلام کی آگی وفات کر چکی تہی اور صادق الوعدہ اسواسطی مشہور ہوئی کہ ایک شخص سی وعدہ کیا کہ جب تک تو نہ آویگا مین اس مکان سی نجاونگا وہ شخص وعدہ بہول گیا اور یہہ حضرت ایک سال تک انتظار مین اوسکی وہین بیٹہی بعد اسکی وہ شخص آیا کہا ایک سال سی تیرا منتظر ہون قوله وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ علی بن ابراہیم نی صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ خدا تعالی نی ایک فرشتہ پر غضب کیا سب بال اور پر اوسکی جہڑ گئی اور ایک جزیرہ دریا مین پڑا تہا تا وقتیکہ ادریس علیہ السلام مبعوث ہوئی تو وہ فرشتہ ادریس کی پاس آیا اور التماس دعا کی اون حضرت نی دعا کی کہ خدای تعالی نی بدستور پر اوسکا اوسکو عطا کیا وہ فرشتہ اوس احسان کی عوض مین آیا اور ادریس سی کہا کہ جو کچھہ حاجت تمہاری ہو سو مین بجا لاؤن اونحضرت نی کہا کہ مجکو آسمان پر لی چلو کہ مین ملک الموت کو دیکھون کہ اوسکی یاد سی عیش مجکو

کہ اگر مجھ کو ابھی اوسی اپنی پر پر اوٹھا لیا اور آسمان چہارم پر پہنچا دیا ملک الموت
کو دیکھا اور اوسنی سر اپنا جھکا لیا ادریسؑ نی سلام کیا اور کہا کہ سر جھکانے کا کیا
سبب ہی کہا کہ خدا کا حکم تھا کہ روح ادریس کو درمیان آسمان چہارم اور پنجم
کی قبض کر میں اسمین متعجب تھا کہ تم زمین پر تھی اور درمیان زمین اور آسمان
کی بہت فاصلہ ہی اور گنبد کی اور موٹائی ہر آسمان کی بقدر پانسو برس کی راہ
کی ہی کیونکر مین قبض روح کرتا پس اب تے اس مقام پر پہنچا اوسی مکان پر قبض روح کی
اور اور روایات مین یہی آیا ہی کہ ملک الموت اونکو بہشت مین لی گئی اور وہ
وہین رہ گئی کسواسطی کہ بہشت سی کوئی نکلتا نہین ہی مگر بعد قبض روح کی و اہل بہشت
کی ہوئی تہی قصہ بہت طول ہی اسواسطی نہین لکھا تکملہ زبر و بینات کریم شمسم
قولہ لسان صدق علیا گیارہ حرف مین زبر اوسکی چارسی چھالیس ہوتی
ہین نکلی ون سی یہ عبارت یعنی یہ علیا وصی الاخمی اور بینات اوسکی
پانسو چھانوی ہوتی ہین نکلی ون سی یہ عبارت ہو علی فی حجر المصطفی و قولہ
ممن حملنا مع نوح تیرہ حرف مین زبر اوسکی چارسی چھالیس ہوتی ہین نکلی
اوس سی یہ عبارت وہو لا یحملون علی و بنوہ قولہ و من
ذریۃ ابراھیم تیرہ حرف ہین زبر اوسکی ایکہزار ... ہوتی
ہوتی ہین نکلی اوس سی یہ عبارت النبی و علی و عترتھما المعصومون
ویقول الانسان ءاذا مت لسوف اخرج حیا ○
اور کہتا ہی آدمی آیا جسوقت کہ مر دونگا مین ہر آئینہ زندہ کرکے نکالا جاؤنگا مین نہ

اولا یذکر الانسان انا خلقناہ من قبل ولم یک شیئا
نہین یاد کرتا آدمی اسبات کو کہ پیدا کیا ہم نے اوسکو اسکی پہلی اور نہتا وہ کچھ چیز
فوربک لنحشرنھم والشیاطین ثم لنحضرنھم
پس قسم ہی پروردگار تیری کی البتہ جمع کرینگی ہم اونکو ساتھ شیاطین کے پہر البتہ حاضر کرینگی ہم اونکو
حول جہنم جثیا ○ ثم لننزعن من کل شیعۃ ایھم
گرد دوزخ مین درحالیکہ وہ بزانو درائی ہونگی بعد اسکی باہر لاوینگی ہم ہر گروہ سی ہر ایک اونکی
اشد علی الرحمن عتیا ○ ثم لنحن اعلم بالذین ھم
کہ سخت ہی اوپر رحمن کی ازروی سرکشی کی پس البتہ ہم دانا ترین ساتھ اون لوگون کی
اولی بھا صلیا ○ وان منکم الا واردھا کان
اولی ہین ساتھ اوسکی داخل ہونی ہین اور نہین ہی تم مین سی مگر وارد ہونی والا اوس دوزخ کا ہی تیری
علی ربک حتما مقضیا ○ ثم ننجی الذین اتقوا ونذر
اوپر رب تیری کے واجب ہی کہ مقدر کیا گیا بعد اسکی نجات دینگی ہم اون لوگونکو کہ پرہیزگاری کیا اور چھوڑینگی
الظالمین فیھا جثیا ○ واذا تتلی علیھم آیاتنا
ظالمونکو بیچ اوسکی درحالیکہ زانو درائی ہین اور جسوقت کہ تلاوت کیجاتی ہی اوپر اونکی آیات ہماری
بینات قال الذین کفروا للذین آمنوا ای
کہ روشن ہین کہا اون لوگون نی کہ کافر ہوئی ہین واسطی اون لوگون کی کہ ایمان لائی ہین کونسا ان دو لوگون
الفریقین خیر مقاما واحسن ندیا ○ وکم اھلکنا
فریقون سی بہتر ہی ازروی درجہ کی اور بہتر ہی ازروی قوت کی اور بہت ہلاک کیا ہم نی

قبلهم من قرن هم احسن اثاثا ورءيا ○ قل

پہلی اونکی اہل عصر سی کہ وی بہتر تھی از روی مال کی اور جمال کی کہہ تو ای محمد

من كان في الضلالة فليمدد له الرحمن مدا

جو شخص کہ ہی بیچ گمراہی کی پس چاہئی مدد کری وہ یعنی اوسکی خدا ساتھہ طول عمر کی

حتى اذا راوا ما يوعدون اما العذاب واما الساعة

یہانتک جب کہ دیکھینگا اوس چیز کو کہ وعدہ کیا گیا ہی یا عذاب دنیا ہی اور یا عذاب قیامت ہی

فسيعلمون من هو شر مكانا واضعف جندا ○

پس قریب ہی کہ دیکھین گی وہ کون ہی بد از روی مکان کی اور ضعیف ہی از روی لشکر کی

ويزيد الله الذين اهتدوا هدى والباقيات الصالحات

اور زیادہ کرتا ہی خدا اون لوگون کی تئین کہ ہدایت پائی انھون نی ہدایت کو اور باقیات صالحات

خير عند ربك ثوابا وخير مردا ○ افرايت

بہتر ہین نزدیک رب تیری کی از روی ثواب کی اور بہتر ہین از روی بازگشتگی کی آیا پس دیکھا تو نی

الذي كفر باياتنا وقال لاوتين مالا وولدا

اوس شخص کو کہ کافر ہوا ساتھہ آیات ہماری کی اور کہا البتہ [illegible] دیا جاونگا مال اور فرزند

اطلع الغيب ام اتخذ عند الرحمن عهدا ○ كلا

آیا مطلع ہوا ہی غیب کو یا لیا ہی نزدیک خدا سی کوئی عہد نہین ہی [illegible] کہتا ہی

سنكتب ما يقول ونمد له من العذاب مدا ○ ونرثه

قریب ہی کہ لکھین گی ہم اوس چیز کو کہ کہتا ہی اور طول کرینگی واسطی اوسکی عذاب سی [illegible]

ما يقول ويأتينا فردا ○ واتخذوا من دون الله الهة ليكونوا

بسبب اوس چیز کی کہ کہتا ہی وہ اور آویگا نزدیک ہمارے تنہا اور پکڑا انھون نی سوای خدا کی معبود [illegible]

لهم عزا ○ كلا سيكفرون بعبادتهم ويكونون عليهم ضدا ○

واسطی اونکی سبب عزت [illegible] انکار کرینگی [illegible] پرستش اونکی کا اور ہووینگی [illegible]

وان منكم الا واردها یعنی نہین ہی تم مین سی کوئی مگر وارد ہونیوالا

اوسی دوزخ کا ہر گاہ کہ لفظ وارد ہا عام ہی کہ مومنین اور کافرین سبکو شامل ہی

لہذا مفسرین نی اختلاف کیا ہی معنی ورود مین یا معنی ورود کی مشرف

ہونی کے ہوتی ہین تاکہ لازم نہ آوی دخول جہنم کا مومنین کو اور یا بمعنی دخول

آئی ہین اور حدیث دونو معنون مین وارد ہین لیکن بعضی [illegible] اور علی بن ابراہیم نی حضرت

صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ اونحضرت نی معنی اس آیہ کی مین فرمایا ہی کہ

آیا نہین سنا تو نی کہ انسان کہتا ہی کہ وردنا ماء بنی فلان فھو الورود ولم

یدخلہ یعنی وارد ہوئی ہم آب بنی فلان پر حالانکہ داخل نہین ہوا اور لیکن بعضی نی

وہ حدیث ہی کہ مجمع البیان مین ابی سمیہ سی نقل کی ہی کہ اوسنی کہا کہ اختلاف

کیا ہی باہمدیگر معنی ورود مین بعضی دخول کی کہتی ہین اور بعضی مشرف ہونی کی

کہتی ہین تا اینکہ ابو سمیہ نی جابر بن عبد اللہ انصاری سی سوال کیا حقیقت

اس ورود سی جابر نی اشارہ جانب گوش اپنی کی کیا اور کہا کہ دونو کان میری

بہری ہو جاوین کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ سی سنا ہو کہ ورود اس آیہ مین بمعنی دخول

ہون اور کوئی نیکوکار اور بدکار رہیگا مگر یہہ کہ داخل دوزخ ہوگا اور دوزخ

ہو نہین پر بردا و سلاما ہو گی چنانچہ ابراہیم خلیل پر ہوئی تھی بنابر اختلاف روایات
آتش جہنم فریاد کریگی کثرت برودت اپنی سی چنانچہ جناب نبی سی مروی ہی کہ روز
قیامت آتش جہنم مومن سی کہیگی کہ جا اے مومن تو دیکھ میری سی کہ نور تیری نی
حرارت میری کو بجہا دیا اور حدیث دیگر مین وارد ہی کہ اہل بہشت باہم یکدیگر سے
کہینگے کہ حق تعالی نے وعدہ داخل ہونے ہمارے کا جہنم مین کیا تہا حالانکہ ہم داخل
نہوئے دوسرا جواب مین کہیگا کہ داخل ہوئے تہے تم جہنم مین لیکن بسبب برد و سلاما کے
کی معلوم نہوا اور علی بن ابراہیم نے باوجود اسکی کہ حضرت صادق سی روایت معنی ورود
کی معنی اشراف کی کی ہی لیکن اسطرح سی کہا ہی کہ ایک حدیث مین آیا ہی کہ یہہ آیت منسوخ
ہوئی اس آیت سی کہ اِنَّ الَّذِینَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنىٰ اُولٰئِکَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ
اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْیًا حضرت ابی جعفر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ اسباب و اموال
اور جمال جسطرح سی دفع کرنیوالا ہلاکت کافرونکا نہوا اوسی طرح سی کفار قریش کو
منکر ولایت ائمہ معصومین علیہم السلام مین مال و جمال اور لشکر اونکا وقت نزول
ہونی عذاب کی فائدہ نکریگا قولہ تعالی وَالْبَاقِیَاتُ الصَّالِحَاتُ خَیْرٌ معنی اسکی
بہت سی ہین ایک یہہ ہی کہ علی بن ابراہیم نی ابی جعفر الباقر علیہ السلام سی روایت
کی ہی کہ خباب بن الارت کا حق اوپر عاص بن وائل کی تہا وہ مسلمانوں سی
ہنسی کرتا تہا جب خباب نی اپنا حق اوس سی طلب کیا عاص نی بطریق ہنسی کی
اوس سی کہا کہ آیا تو اوس گروہ سی نہین ہی کہ جو لوگ گمان کرتی ہین کہ بہشت
مین طلا اور نقرہ اور ریشمی کپڑا ہی خباب نی کہا مین اوسی گروہ سی ہوں پس

اوسنی کہا وعدہ ہمارا اور تمہارا بہشت مین ہی بخدا قسم مجکو بہشت ملیگا اوس سی جو
بہتر ہی اوس نیامین ہی پس حق تیرا ادا کرونگا مین اسو اسطی خدا نی فرمایا اَفَرَءَیْتَ الَّذِی
کَفَرَ قولہ تعالی سَیَکْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ قریب ہی کہ شریکین کہینگی کہ قسم خدا کی ہی
اے پروردگار ہمارے ہم نہ تہی شریک کرنیوالے اور بتون کی عبادت کا انکار کرینگی
اَلَمْ تَرَ اَنَّا اَرْسَلْنَا الشَّیَاطِینَ عَلَی الْکَافِرِینَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا
آیا نہین دیکہا تو نی ہم نی بہیجا ہی شیاطین کو اوپر کافرونکی تاکہ حریص کرین اونکو اوپر گناہوں کے
فَلَا تَعْجَلْ عَلَیْهِمْ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝ یَوْمَ نَحْشُرُ
پس تعجیل کر تو اے محمد اوپر اونکی عذاب کی جز این نیست کہ شمار کرتے ہین ہم واسطی اونکے اجل کو اوس روز کہ جمع کرینگی ہم
الْمُتَّقِینَ اِلَی الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ۝ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِینَ اِلیٰ جَهَنَّمَ
متقیوں کو طرف رحمن کی در حالت سواری اور لیجاوینگی ہم گنہگارونکو طرف جہنم کی
وِرْدًا ۝ لَا یَمْلِکُونَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ
درحالیکہ تشنہ ہونگی مالک نہونگی شفاعت کی مگر وہ شخص کہ لیا ہی نزدیک
الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝ لَقَدْ
خدا کی عہد کو کہا مشرکوں نی لیا خدا نی فرزند ہر آئینہ
جِئْتُمْ شَیْئًا اِدًّا ۝ تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ
آئی تم بچیز بد نزدیک ہی کہ شگافتہ ہوجاوین آسمان اس کہنی سی
وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ
اور شگافتہ ہوجاوی زمین اور گرجاوین کوہ درحالیکہ ریزہ ریزہ ہین اس واسطی کہ دعوا کیا واسطی خدا کی

وقف لازم

وقف لازم

وَلَدًا ۝ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۝ وَاِنْ كُلُّ

فرزند کا اور نہین سزاوار ہی واسطی خدا کی یہ کہ لی فرزند کو نہین ہی کل

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّا اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۝

وہ چیز کہ بیچ آسمانون کی ہی اور زمین کی ہی مگر آنی والی طرف خدای بخشندہ کی بحال عبودیت

لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ہر آئنہ تحقیق احصا کیا اور شمار کیا بشمار کرن اور ہر ایک آنیوالا ہی روز قیامت مین

فَرْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ

در حالت تنہائی بدرستیکہ وہ لوگ کہ ایمان لائی ہین اور عمل نیک کیا ہی قریب ہی کہ کری گا

لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ

واسطی اونکی خدا محبت کو جز این نیست کہ سہل کیا ہمنی قران کو لغت تیری کی کہ بشارت دی ساتھ اوسکی

الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

پرہیزگارون کو اور ڈراوی ساتھ اوسکی قوم کو کہ شدید الخصومت ہین اور بہت ہلاک کیا ہمنی قبل اونکی

مِّنْ قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝ ع

زمانہ سی آیا دیکھتا ہی تو اونمین سی کسیکو یا سنتا ہی تو واسطی اونکی ذکر کو

قوله تعالی نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا جز این نیست کہ شمار کرتی ہین ہم واسطی اونکی نفسہا چند کو شمار کرنی کر

کر بعد انقضا اوس انفاس کے ہلاک ہونگی بروایت کلینی حضرت صادق علیہ السلام سی مروی

ہوتا ہی کہ مراد ایام آجال ہی اور مفسران عامہ نی بہی اسی طرح سی لکہا ہے

اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام نی نہج البلاغت مین فرمایا ہی نفس المرء خطاہ الی اجلہ

یعنی آدمی جو دم مارتا ہی کہ قدم نزدیک ہوتا ہی اپنی اجل سی قوله تعالی الی الرحمن وفدا

علی بن ابراہیم نی حضرت صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ حضرت امیر علیہ

السلام نی اس آیت کو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ سی سوال کیا حضرت

نی فرمایا کہ ای علی وفد نہین ہوتی مگر سواران یہہ وہ لوگ ہین کہ ڈرتی ہین خدا

سی پس دوست رکہتا ہی اور مخصوص کرتا ہی اونکو اور عمل اونکی سی راضی ہی

پس نام رکہا خدا نی متقین اور بعد اوسکی حضرت نی فرمایا ای علی آگاہ ہو قسم ہی اوس

خدا کی کہ دانہ کو شگافتہ کیا ہی اور پیدا کیا مخلوقات کو بدرستیکہ دبی مومنین

نکلین گی قبور اپنی سی در حالیکہ سفید رو ہونگی مثل سفیدی برف کی اور اونکی بدن پر

جامہای سفید ہونگی مانند سفیدی شیر کی اور نعلین طلا کی پانو مین ہونگی کہ بند اوسکی

مروارید درخشندہ سی ہونگی جناب امیر نی سوال کیا کہ کون ہین یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ حضرت نی فرمایا کہ ای علی یہہ ہین شیعہ تیری کہ مخلص تیری ہین اور تو امام اونکا ہی اور یہہ

سوال مع روایت دیگر مین بہی وارد ہی قوله تعالی وَنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ یعنی کہینچینگی ہم

گنہگارون اور کافرون کو مثل چارپایون کی طرف دوزخ کی اوس حالت مین کہ پیاسی

ہونگی اور مجمع البیان مین لکہا ہی کہ قراءت شاذ یعنی بہت کم ہے کہ یُحْشَرُ

الْمُتَّقُوْنَ وَيُسَاقُ الْمُجْرِمُوْنَ دونو فعل مجہول ہین یعنی حشر ور کہ جمع کیی جاوینگی

پرہیزگار اور چلائی جاوینگی گنہگار طرف دوزخ کی اور کتاب عیون اخبار الرضا

علیہ السلام سی ظاہر ہوتا ہی کہ یہہ قراءت اہل بیت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ کی ہی قوله تعالی

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ محتمل ہی کہ ضمیر اوسکی راجع بطرف لفظ عدا کی ہو کہ مراد اوس سی

دوستی علی ابن ابی طالب و اہلبیت علیہم السلام کی اور بعضون نے کہا ہے کہ ضمیر اسکی طرف قرآن
ہے لیکن معنی اول کے بہتر اور وہ ہے ولایت علی اور ائمہ کی وہی ہے اقرب بصواب
ہین اسواسطے کہ لفظ قرآن صریحاً قبل اسکے مذکور نہین ہے حاصل اسکا یہہ ہوا کہ سوا اسکے
اسکی نہین ہے کہ آسان کیا ہمنے بتقریر محبت و مودت امیر المومنین اور ائمہ معصومین کی
جسوقت کہ غدیر خم مین تجھی اے محمد گویا کیا ہمنے ساتھ ولایت علی کی تاکہ پرہیزگاران شیعیان
کو خوشخبری دے اور بنی تیم اور بنی امیہ کو کہ عداوت اہل بیت نبوت و لعین رکھتے
ہین بیم اور خوف دلاوے تکملہ بر وجیزات رکوع ششم قولہ تعالی امنوا پانچ حرف مین ہیں
اور اسکی بین سے تین [illegible] مین نکلی وس سے یہ عبارت اے امنوا العلی ولی اللہ

ایاتہا ١٣٥ کلماتہا ١٣٤١ سورۃ طہ مکیۃ حروفہا ٥٢٤٢ رکوعہا ٨

سورہ طہ وہ ایک سو پینتیس آیت ہے کہ مین نازل ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ع

طہ ۝ ما انزلنا علیک القرآن لتشقی ۝ الا تذکرۃ لمن یخشی ۝
اے محمد نہین نازل کیا ہمنے اوپر تیرے قرآن کو تاکہ تعب مین پڑے تو لیکن قرآن پندنامہ ہے اوس شخص کو جو ڈرتا ہے
تنزیلا ممن خلق الارض والسموات العلی ۝ الرحمن علی
نازل کیا ہوا ہے اوس شخص کی طرف سے کہ پیدا کیا زمین اور آسمانون بلند کو [illegible] اوپر
العرش استوی ۝ لہ ما فی السموات وما فی الارض وما
عرش کی غالب ہے واسطے اوسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانون کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور جو کچھ

بینہما وما تحت الثری ۝ وان تجہر بالقول فانہ یعلم
درمیان ان دونو کے ہے اور جو کچھ نیچے ہے زمین کے اور اگر تو بلند کرے سخن کو پس تحقیق وہ جانتا ہے
السر واخفی ۝ اللہ لا الہ الا ہو لہ الاسماء الحسنی ۝ وہل
پوشیدہ اور زیادہ تر پوشیدہ کو خدا ایسا ہے کہ نہین ہے کوئی معبود مگر وہی واسطے اوسکے اسما نیک ہین اور تحقیق
اتاک حدیث موسی ۝ اذ را نارا فقال لاہلہ امکثوا
پہنچی تجھکو حدیث موسی کی جسوقت کہ دیکھا آتش کو پس کہا موسی نے واسطے عیال اپنی کے توقف کرو تم
انی انست نارا لعلی اتیکم منہا بقبس او اجد علی النار
تحقیق دیکھا مین نے ایک آتش کو شاید لاؤن مین اوس سے ایک شعلہ آتش کا یا پاؤن مین اوپر آگ کے
ہدی ۝ فلما اتہا نودی یموسی ۝ انی انا ربک
راہ گم کردہ کو پس جبکہ آیا نزدیک اوسکے ندا کی گئی اے موسی تحقیق مین ہون رب تیرا
فاخلع نعلیک انک بالواد المقدس طوی ۝ وانا
پس دور کر نعلین اپنی کو تحقیق کہ اے موسی تو بیچ میدان پاکیزہ کے کہ طوی نام ہے اور مین
اخترتک فاستمع لما یوحی ۝ اننی انا اللہ لا الہ الا انا
برگزیدہ کیا تجھے پس سن تو واسطے اوس چیز کے کہ وحی کیا جاتا ہے تحقیق مین خدا ہون نہین ہے کوئی معبود مگر مین
فاعبدنی واقم الصلوۃ لذکری ۝ ان الساعۃ اتیۃ
پس عبادت کر تو میری اور برپا رکہہ نماز کو واسطے یاد کرنے میری کے تحقیق کہ قیامت آنیوالی ہے
اکاد اخفیہا لتجزی کل نفس بما تسعی ۝ فلا یصدنک
چاہتا ہون مین کہ پنہان کرون مین اوسکو تاکہ جزا دیا جاوے ہر نفس ساتھ اوس کے کہ عمل مین لاتا ہے پس نہ پھیرے تجھکو

عَنْهَا مَنْ لَا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدٰى ○ وَمَا تِلْكَ
اوس سی تمکو وہ شخص کہ نہین ایمان لاتا ساتھہ اوسکی اور تابع ہوا آرزوی نفس اپنی کی پس ہلاک ہوگا تو اور یہہ کیا چیز ہی
بِيَمِينِكَ يَا مُوسٰى ○ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا
کہ دست راست مین تیری ہی اے موسی کہا یہہ عصا میرا ہی کہ تکیہ دیتا ہون اوپر اوسکی
وَأَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرٰى ○ قَالَ أَلْقِهَا
اور گراتا ہون پتی درخت کی اوس سی اوپر گوسفندان اپنی کی اور واسطی میری بیچ اوسکی کام ہای دیگر ہین کہا ڈالدی اوسکو
يَا مُوسٰى ○ فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ○ قَالَ خُذْهَا
ای موسی پس ڈالا اوسکو پس ناگاہ وہ عصا ہوا سانپ دوڑتا تھا کہا خدا نی لی اسکو ای موسی
وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولٰى ○ وَاضْمُمْ
اور نہ ڈر تو قریب ہی کہ پھیر دینگی ہم اسکو صورت اصلی اسکی کہ اول تھی اور ملا
يَدَكَ إِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرٰى
ہاتھہ اپنی کو بیچ بازو اپنی کی تا کہ نکلی روشن اور سفید بغیر بدی کی درحالیکہ یہہ معجزہ دوسرا ہے
لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرٰى ○ اِذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى ○ ع
تا کہ دکھلاوین ہم تجھی معجزات اپنی سی معجزہ بزرگ جا طرف فرعون کی بتحقیق وہ طاغی ہوا ہی
قولہ طٰہٰ یعنی طٰہٰ کی معنی کی ہین بنت علی اور حضرت صادق علیہ السلام سی روایت
ہی کہ طہ ایک اسم ہی نام ہای پیغمبری اور معنی اوسکی یہہ ہین یا طالب الحق
الھادی الیہ اور احتجاج مین حضرت امیر المؤمنین سی روایت ہی کہ حضرت
رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ دس برس اطراف انگشتان پر کھڑی ہی اور پاہای

حضرت ورم کرگئی تہی اور روی مبارک زرد ہو گیا تہا تا آنکہ جناب حق تعالی سی
عتاب آیا طہ الخ اور مجمع البیان مین لکہا ہی کہ جناب صادق علیہ السلام نی طہ
پڑہا ہی کہ امر وطی کا ہی بہ این معنی کہ قدم رکھہ زمین مین نہ بسر انگشتان اور اگر
یہہ امر وطی ہمزہ سی ہو پس ہمزہ ہا بدل ہوا ہی اور اگر یہہ امر وطا بالف
ہو کہ قلب ہمزہ بالف ہوا ہو ہای طہ ہای وقف ہی جو منقلب ہمزہ سی قولہ
اِلَّا تَذْكِرَةً الا بمعنی لکن ہی اور استثنای منقطع ہی قولہ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى خبر بعد
خبر ہی اور مبتدا اسکا ہو ہی کہ محذوف ہی حاصل یہہ ہی کہ رحمان اور علی العرش
استوی دو نو خبر ہین ہو کی قولہ فَإِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفٰى حضرت صادق علیہ
السلام سی مروی ہی کہ سر وہ چیز ہی کہ نفس اپنی مین پنہان کری اور اخفی
وہ چیز ہی کہ خاطر اپنی مین گذرانی اور اوسکو فراموش کری قولہ لَهُ الْأَسْمَاءُ
الْحُسْنٰى جناب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت ہی کہ واسطی اللہ سبحانہ کی
نو دو نہ نام ہین جو شخص کہ احصا کری اوسکو داخل بہشت ہوتا ہی قولہ اِذْ رَأٰى نَارًا
یعنی جسوقت دیکھا موسی نی آتش کو پس کہا اوسنی نی لِأَهْلِهِ امْكُثُوا الخ
معنی یہی کہ ہر چند نارا بظاہر یعنی آتش کی ہین لیکن نزدیک خدا تعالی کی نور
تہا کہ تجلی حق تعالی کا تہا موسی ہر گاہ باہل و عیال اپنی نزدیک
